اے دور ءِ بازیں شاعران شعروت نبشتہ نہ کُرتگنت
بلے البت واجہ ملک دینار میرواڑی ءِ وتی شعرانی
کتاب "زری نود" یک ھنچیں کتابے کہ آئی وتی
جندءَ آئرءَ قلمی شکل ءَ نبشتہ کُرتگ کہ نوں آئرءَ
بلوچی اکیڈمی ماں زوت ءَ شنگ کنگا انت واجہ ملاّ
فاضل ءِ شعرانی دپتر واجہ بشیر احمد بلوچ ءَ نز آرتگ
ءُ یک کتابے ءِ شکل ءَ "شپ چراگ" ءِ نام ءَ چہ
بلوچی اکیڈمی ءَ چاپ ءُ شنگ کُرتگ ھمے پیم ءَ
واجہ بشیر احمد ءَ ملا قاسم ءِ شعرانی دپتر "پاکیں اشرقی"
ءِ نام ءَ ۔ جام درک ءِ شعرانی دپتر "درچین" ءِ نام ءَ نز
آرتگ ءُ چہ بلوچی اکیڈمی ءَ چاپ ءُ شنگ کرتگ ۔
ہمے پیما مست توکلی ءِ شعرانی یک کتابے واجہ سردار خان
گشکوری ءَ نز آرتگ ءُ واجہ عطا شاد ءُ جوانسال ءِ
نپچ ءَ چہ بلوچی اکیڈمی ءَ چاپ ءُ شنگ کنائینتگ ۔
اے دور ءِ شاعران جنگ ۔ زھم ۔ نوبک ءُ اسپ ءِ
باروءَ شعر پرستگ ۔ واجہ جام درک ءُ ملاّ فاضل
اے دور ءِ نامی ئیں شاعر اَنت کہ آیانی شاعری پہ بلوچ
راج ءَ بے بہا ئیں مڈّی اَنت ۔

سیمی بہر ءِ بلوچی شاعری :- بلوچی شاعری ءِ
سیمی بہر نوکیں دور ءِ شاعری اِنت اے دور سنہ ۱۹۴۰ءَ
بنا بُوتگ نوکیں دور ءِ سرشاعر واجہ گل خان نصیر انت
نوکیں دور ءِ شاعر ۔ زانتکارءُ وانندگ پُر رژن اَنت

ھمے سوب ءَ آوانی شاعری ءَ حیالی پکر آجوئی ءُ وت
واجہی ءِ رنگ ءُ دروشم باز گندگ بیت اِنت اے شاعران
وتی وابیں راج ءَ راجہ زوراکانی زلمان مالوم دارگ
گوں فرنگیان ھور آوان نواب ءُ ھونواریں سردارانی
ھلاپ ءَ آجوئی ءِ جہد ءُ کوشست بہ شاعری زبان ءَ
کُرتگ ۔ اے باروءَ آوان وتی قوم ءُ راج ءَ راجہ
زوراکانی زلمان رکینگ ءِ ہاترا سکین دات پہ چکر
آوھدان ہندوستان ءِ اولس فرنگیانی ھلاپ ءَ آجوئی ءِ
جہد ءُ کوشست بنا کرتگ اَت فرنگیان ابید نواب
ءُ سردارانی ناروائیں زلم ءُ زوراکی ءَ چہ مہلوک سوکی ءُ
بیزار بُوتگ اَت ھمے سوب ءَ چاگرد ءِ ناوشیں جاوران
لس مہلوک ءَ را بہ سیالی پکر وت واجہی ءِ مارشت
و دّ اِتگ ۔ اے درگت ءَ بلوچ شاعرانی تہا اولی نام
واجہ یوسف مگسی اِنت بلے واجہ یوسف مگسی ءَ اُردو
زبان ءِ تہا شاعری کُرتگ ہمے سوب ءَ بلوچی ادب ءُ
شاعری ءِ تہا آئی نام گرگ نہ بیت ۔
واجہ محمد حسین عنقا ہم اے دور ءِ نامی ئیں
شاعرے کہ آئی شاعری ءِ تہا مہلوک ءَ را وتی ماتیں
گل زمین ءِ آجوئی ءِ سکین داتگ بلے پڑءَ چہ دوئیں
زبانات واجہ گل خان نصیر ءَ نام کش اِتگ آئی بندائی
شاعری اُردو زبان ءَ اَت بلے رند ءَ آئی ءَ بلوچی
شہدریں زبان ءَ شاعری کُرتگ کہ چہ وطن دوستی ءَ
سرشار اَت ۔
واجہ گل خان ءِ وتی گوشگ انت کہ پشاور ءَ
یک پشتو ادبی مچی ءِ تہا من ہم ہور توں اوگانان

انت آفرنگی ءَ پے بُوتگ. واجہ لانگ ورتھ ڈیمز ءَ بلوچی
شعران ءَ ماں رومن سیاھگ ءَ نبشتہ کُرتگ. آئی ءِ
اے وانگی کتاب ماں مزنیں لائبریریاں دست کپ ایت
کہ آئی وانگ ءَ چہ پیٹ پول ءِ بازیں درے پیچ بوت
کنت کلاسیکی شاعری ءِ بندائی شعر چہ پانزدھمی صدی
میلادی ءَ دست کپتگ اَنت ءُ بازیں زانتکارانی
حوالہ ءَ اے گپ دیما اَھتگ کہ پانزدھمی صدی میلادی ءِ
بگر تاں ھشتدھمی صدی میلادی ءَ ہر شعرے کہ بُوتگ آ
کلاسیکی شاعری ءِ پڑ ءَ کایت.

بلوچی گوْھنیں شاعری ءِ کہ دو کتاب دست کپتگ
اَنت یکے واجہ شیر محمد مری ءِ کتاب کہ بلوچی کوْھنیں
شاعری ءُ لانگ ورتھ ڈیمز ءِ نزآرتگیں کتاب
POPULAR POETRY OF BALOCHIS انت
کہ آئی ءَ را واجہ محمد پناہ ءَ ماں بلوچی ءَ ترینتگ ماں
اے شاعری ءَ رند ءُ لاشارانی سی سال ءِ جنگ ءِ
بارو ءَ شعر انت کہ آیاں چہ بازیں رزمیہ ءُ بازیں عشقی
شاعری انت. بلے اے دور ءِ بازیں شعرانی گشندہانی
اصل نام پدر نہ انت اے دور ءِ بازیں شعر میر چاکر رند ءُ
میر گہرام لاشار ءِ نام ءَ انت ھمے پیما بیبرگ بالاچ
گورگیج ءِ نام ءَ مزنیں شعرے است انت. دوستین
شیریں سیمک ءُ نھتا شہداد مہناز للہ ءُ گراناز ءِ عشقی
شعر باز مشہور انت کہ آیاں چہ تمنی زند ءِ ھستیں دروشم
پدر بیت انت اے دور ءِ گیشتریں شاعری آزات
شاعری ءِ نمونگ ءَ پیش داریت کہ ردیف ءُ قافیہ ءِ
پابندی ءَ چہ آزات بوگ ءَ ابید آیانی مکسد پہ جوانی
پدر بیت ءُ آ شعرانی توک ءَ بلوچ راج ءِ گیدی دود ءُ
ربیدگ آیانی مہمان داری کسب کاری ءُ بہادری ءِ سپت
درشان انت.

بلوچی شاعری ءِ دومی دور یا ملائی دور ءِ شاعری

اے شاعری ءِ بندات چہ ھشتدھمی صدی میلادی ءَ
انت کہ آئی سرشاعر واجہ جام درک انت. واجہ جام درک ءِ
شاعری ءِ تہا پارسی ءُ عربی ءِ لوز باز ھور انت. پارسی ءُ
عربی لوزانی ھوری ءَ جام درک ءِ شاعری ءَ را باز نامدار
کرتگ. واجہ جام درک نصیر خان نوری ءِ درباری شاعرے
اَت ءُ گیشتریں آ دور ءِ ڈس ءُ نشان ءَ دیَنت.

آ دور ءُ باری ءَ بلوچستان ءَ پارسی لکھوڑ ءِ بندات
بُوتگ اَت ءُ گیشتر شاعران عربی پارسی ءَ شاعری کُرتگ آ
دور ءِ گیشتریں شاعری مذہبی رنگے داریت شاعرانی ولی
شعر چہ ھُدا ءِ سپت ءُ پاکیں رسول ءِ چاریں یارانی توسیپاں
بنا کُرتگ اَت رند ءَ وتی مکسدان ءَ پدر کُرتگ اِش.
واجہ جام درک ءِ شعرانی یک کتابے "دُرچین" ءِ
نام ءَ واجہ بشیر احمد بلوچ ءَ نزآرتگ ءُ چہ بلوچی اکیڈمی
شال ءَ چاپ ءُ شنگ کُرتگ چہ جام درک ءِ شعراں ھمے
پدر بیت کہ واجہ یک شہر منندیں شاعرے بُوتگ ءُ آئی ءِ
وتی دور ءِ شریں عکسے پیش داشتگ آئی شعراں چہ
کشت ءُ کشاری زند و ڈر جیڑہ ءُ الت پدر انت اے
دور ءِ شاعرانی رنگی بزاں عشقی شاعری ءَ ھور جنگی ءُ
واکیاتی شعر ہم گوْشتگ بلے اے دور ءِ گیشتریں شاعری
عشقیہ انت ءُ جام درک ءِ عشقیہ شاعری بے مٹیں
شاعری ءُ زانگ بیت اِنت اے دور ءِ شاعرانی لٹہ ءَ

محمد جان
لیکچرار شعبہ بلوچی

بلوچی شاعری ءِ ردوم

لبزانک راجی آدینک اِنت ءُ زبان ءِ ھستیں شکل ءُ دروشم چہ آئی لبزانکی گنج ءَ زانگ بیت اِنت ماگہ دنیا ءِ زباناں بچاران تو ماگندان کہ ہما زبان دیما شتگ اَنت کہ آیاں لبزانکی پڑ ءَ دیمرئی کُرتگ بلے بلوچی زبان اے پڑ ءَ بازپشت ءَ گندگ ءَ کیت اِنت بلے ایشی ءِ مطلب ایش نہ اِنت کہ ماں بلوچی ءَ لبزانکی کار ہچ نہ بُوتگ ما وہدے کہ بلوچی لبزانک ءِ پہناداں بچاران تہ بازیں نزوریاں ابید پدءَ ہم بلوچی لبزانک ءُ شاعری جوانیں ھدے ءَ دیما شتگ بلے ابید اے پڑ ءَ پٹ ءُ پول ءِ سک بازجاور است انت ءُ دگہ اے پڑ ءَ پٹ ءُ پول بہ بیت تہ ہچ مشکل نہ انت کہ بلوچی وتی ھستیں ھندءَ مہ کپیت بلوچی لبزانک ءِ شاعری ءِ بہر بازگنجدار اِنت کہ آ مرءَ اے بہر ءَ زانگ بیت اِنت۔

بلوچی کلاسیکی شاعری باز قدیم اِنت بلے بلوچی کلاسیکی شاعری ءِ بنداتی دور پدر نہ انت آئی بنداتی سوب بلوچ راج ءِ ناوانندگی اِنت چہ بلوچ راجی دپتران سہرا اِنت کہ اے پڑ ءَ ھستیں ردوم نے نہ بُوتگ ءُ اِے پدرائیں راستی ئے کہ بلوچ راج وانندگ مہ بنت نہ لبزانک پیم ئے ءَ دیما نہ روت اِنت۔ بلے اے بلوچ راج ءِ وش بہتی اِنت کہ ناوانندگی ءَ ابید تینگہ مئے بلوچی زبان زندگ اِنت ءُ بلوچ راج ءَ وتی شاعری ءِ گنج ءَ را وتی سینگاں مہکم داشتگ ہمے سوب اِنت کہ بلوچی کلاسیکی شاعری ءِ بازیں شعرے گار بُوتگ بازیں ھدے ءَ آدور ءِ شاعرانی نام ہم بدل کنگ بُوتگ اَنت ایشی بنکی سوب ایش بُوت کنت کہ مدام شعر گشندھاں کوھنیں شعراں ءَ وتی نام ءَ گوشتگ اَنت اِش ءُ چیزے ھد ءَ آیانی توک ءَ چیزے شعر وتی ہم مانش کُرتگ۔ بازیں وہداں چُش ہم بُوتگ کہ شاعراں ھستیں گیدی زندوڑ ءِ حوالہ ءَ دز گوشتیں شعراں ءَ میر ءُ سردارانی نام ءَ کُرتگ ءُ آیاں چہ داد ءُ ستا گپتگ ھمے سوب اِنت کہ کلاسیکی دور ءِ شاعرانی ھستیں نام بے گواہ اَنت بلے ہر شعرے کہ جتگ ایشی ءَ ہچ شک نیست کہ آ مئے لبزانکی دپتر ءِ بے مٹیں مڈی انت کہ آھانی نز آرگ ءُ شنگ کنگ مئے راجی فرض لیکگ بیت اِنت چہ لبزانکی دپتر ءَ سہرا اِنت کہ اے پڑ ءَ چہ ۱۹۰۷ء ءَ اے کار ءِ بندات کنگ بُوتگ۔ کوھنیں شاعرانی بنداتی نبشتہ کار واجہ لانگ ورتھ ڈیمز

سَرلبز

ہر علمی بنجاہ ولتے علمی ءُ لبزانکی کارانی شنگ کنگا پہ جہد و کوشست کنت انت۔ اے پڑ ءِ، گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور ءِ ہم جُہد انت کہ ہر سال میگزین یے شنگ کنگ بہ بیت ءُ نون مالی دست پچی ءِ رند رخشان میگزین شمے دست ءَ اِنت۔ ایشی وانگ ءَ چہ شما پوہ ءُ سرپد بیت کہ بلوچ راج ءِ ورنا چینکس گوں وتی زبان ءَ حب ءُ واھگ دار اَنت۔ ءُ اے چہ آیانی تہر تہرین نبشتانکاں پدّرا انت۔ نون اے بار واضلوری اِنت کہ ورنا ھیں طالبان ءِ جوانیں وڈے ءَ لبزانکی کارانی ھیل دیگ بہ بیت ءُ رخشان میگزین ءِ شنگ کاری ءِ فرض برے ھاتر ءَ دست ءَ گرگ بُوتگ۔

رخشان میگزین شمے دیما اِنت۔ چرے میگزین ءِ تہر تہرین گال ءُ نبشتانکاں شما الّم مار اِت کہ مرچیگیں ورنا وتی گیدی، لبزانکی ءُ دیتری کاریداں گوں چینکس حُب و واھگ دار اَنت بلے اِے جہت ءَ آیان ءِ کمک ءُ رھدربری پکار اِنت ءُ مے دلی واھگ انت کہ بلوچ راج ءِ ورنا پہ وتی گیدی، لبزانکی، دیتری ءُ سیاسی کاریدانی رکھینگ ءَ جہد و کوشست ءَ جاری بدار اَنت تانکہ آئندگان ءَ رخشان میگزین شرترین پیمے ءَ شنگ کنگ بہ بیت۔

پروفیسر محمد حسن بلوچ
شونکار (بلوچی بہر)

ردءُ بند (بلوچی بہر)

تاکدیم

پروفیسر عبدالواحد مینگل خضداری، عبدالوحید غمخوار، جلیل احمد جلیل، حمل خان نصیر، شمیم عمیر آوارانی، قدیر ودار، یونس اختر، ظہور زہی، رئیس قمبرانی، حفیظ سنجر، جلیل بسمل، ناصر علی، علیم شوہاز، مجید زائل۔ محمد جان قرار، دل جان دل، ظہور شاکر۔

رخشان میگزین (بلوچی بہر)

سرشونکار :-	پروفیسر غنی طارق۔ شعبہ تاریخ
شونکار :-	پروفیسر محمد حسن بلوچ " جغرافیہ "
نائب شونکار بلوچی	حمّل نصیر متعلم سیکنڈ ایر (سائنس)




گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور



ظفراللہ بلوچ ڈپٹی کمشنر پنجگور
(سیمینار کے مہمان خصوصی)



ریاض احمد بلوچ پرنسپل
(سیمینار کے صدر)



پروفیسر غنی طارق
(سیمینار کے اسٹیج سکریٹری)



محمد حیات بلوچ ایڈوکیٹ
بلوچ دانشور جس نے تعلیمی انحطاط کے موضوع پر مقالہ پڑھا جسے بیحد پسند کیا گیا

مقررین سیمینار بعنوان "تعلیمی انحطاط اور ہمارا معاشرہ"



لالہ منیر بلوچ ۔ اکبر گمشاد ۔ خالد مراد ۔ انور گرمکانی ۔ عبداللطیف گرمکانی
حاجی عبدالرشید ۔ ظفر اللہ بلوچ ۔ ریاض احمد بلوچ ۔



سامعین

غزل

جلیل بسمل گرگانی

ہونٹوں پہ تبسم مدہوش نگاہیں تیری
دیوانہ بنا دیں گی مجھے شوخ ادائیں تیری

بکھری ہوئی زلفیں ہیں مسکراتا ہوا چہرہ!
مہکی ہوئی بدن شعلے سی گرم باہیں تیری

شبنم نے جو دیکھا نرمی تیرے رخساروں کی
تمنا ہوئی قطروں کو زلفوں کو سجائیں تیری

چال میں جو مستی ہے وہ کہاں بادِ صبا میں
کرنے لگی ہر شئے سے تعریف ہوائیں تیری

خوشبو جو بکھرنے لگی ہر سمت تمہاری
بن گئے آنچل ساون کی گھٹائیں تیری

حسن ہو شعروں کی تم زبان میرے قلم کی
کسطرح بھلا پاؤ نگاہیں رنگین وفائیں تیری

حسرت سے نہ دیکھو جلیل یوں ڈولی دلہن کی
یاد آئیں گی ہر پل ان کو بھی جفائیں تیری



علم

محمد زمان عادل بلوچ فرسٹ ایئر

علم سے ملتی ہے انسان کو راحت
علم سے ملتی ہے انسان کو دولت

علم سے جہاں ہوتی ہے روشن — علم سے تازہ ہوتی ہے بدن
علم سے ملتی ہے سبھی کو عزت — علم سے ملتی ہے سبھی کو نعمت
علم سے ہر ایک مردہ زندہ ہے — علم سے ہر ایک عقل مند بندہ ہے
علم سے روشن یہ دنیا ہے — علم سے گلشن یہ دنیا ہے
علم سے بڑھتی ہے سب کی عزت — علم سے بڑھتی ہے سب کی شہرت
علم سے کامیاب ہر انسان ہے — علم سے لاجواب ہر انسان ہے
علم سے زندگی بلند و بالا ہے — علم سے بندگی بلند و بالا ہے
علم سے نیکی پھیلتی رہتی ہے — علم سے کفر مٹتی رہتی ہے
علم سے دور ہوتی ہے تھکاوٹ — علم سے دور ہوتی ہے تھرتھراہٹ

علم سے خوش ہوتا ہے خدا
علم سے کوئی ہوتا نہیں جدا



خلیل احمد فرحان سیکنڈ ایئر

گلاب کا پھول

لال رنگ کا خوشنما یہ پھول ہے — گلشنوں سے آشنا یہ پھول ہے
اس کی خوشبو سے مہکتا ہے چمن — اسکی رنگت سے دمکتا ہے چمن

سارے پھولوں کا ہے یہ بادشاہ
پہلے پہل کھلتا ہے جو باد صباء

خوشبو ہو، رنگت ہو، یا ہو زینت. — سب سے بڑھ کر یہ گل ہے جنّتی
کھلتے ہی ہر سو خوشبو چھائیگی — پیاری بلبل خوشبو پہ دوڑ آئیگی

موسمِ بہار کی یہ پہچان ہے
ہر گل و گلشن کا یہ مہمان ہے

سامنے گر ہر گل گلزار ہیں — یہ نہ ہو تو سارے گل بیکار ہیں
جو بھی سونگھتا ہو اس گلاب کو — حسین کتنا پائیگا وہ شباب کو

ایسے گل کا ہے نہیں نعم البدل
ملتا ہو شاید تمہیں بعدِ اجل

دنیا میں اکثر اس کے دیوانے ہیں — باغات اس کے لگتے میخانے ہیں
کتنے قسم اور کتنے اس کے رنگ ہیں — ہر کسی کے الگ طرز اور ڈھنگ ہیں

پیاری ہیں سارے پھول فرحان کو
سب سے پیاری ہے یہی میری جان کو



سجاد ظہیر ساگر بلوچ

تلوار اور قلم

تیز سی تلوار سادہ سا قلم
بس یہی دو طاقتیں ہیں بیش و کم

ایک ہے جنگی شجاعت کا نشان ایک ہے علمی لیاقت کا نشان
آدمی کی زندگی دونوں سے ہے قوم کی تابندگی دونوں سے ہے
جو نہیں ڈرتے قلم کی مار سے زیر کرتے ہیں انہیں تلوار سے
جب قلم پاتا نہیں کوئی سبیل تب فقط تلوار ہے روشن دلیل
حکمرانی کو قلم درکار ہے امن کی ضامن مگر تلوار ہے
علم کے میدان میں رازی بنو جنگ کے میدان میں غازی بنو
وقت پر مضمون لکھ زوردار وقت پر ڈٹ کر لڑو مردانہ وار
وہ پڑھے لکھے جو بے تلوار ہیں ان کی ساری ڈگریاں بیکار ہیں
بزم میں اشعار کے گوہر مفید رزم میں تلوار کے جوہر مفید
آج تک جو بھی ہوا ہے نامدار تھا کوئی جبریل یا مضمون نگار


ساگر کو جتنا قلم سے پیار ہے
اتنی ہی پیاری اسے تلوار ہے

خلیل احمد فرحان سیکنڈ ایئر



نعت

محمدؐ ہمارے خدا کے دلارے
یہ جگ پائیدار ہے تمہارے سہارے
وہی لوگ جو کہ قاصد بنے تھے
تیرے دم سے سارے خودی کو سدھارے
رقیب تمہارے رفیق بنے تھے
تدابیر بنا کے پھر بھی تم سے ہارے
مکّہ مدینہ اور طائف کے کُفّار
صادق اور امین تمہی کو پکارے
امت کو اپنی دیا ہے دلاسا
جنت میں جاؤ گے سارے کے سارے
بتائے تیرے قول نہیں تھے عبث
زباں پر رہیں گے درود تمہارے
نبیوں میں پیارا خدا کو تمہی تھے
خدا تیری جہاں کو سنوارے



غلام نبی شادان
فرسٹ ایر (آرٹس)

حمد

کیا حسین جہاں بنائی ہے تونے
اسمیں ہر شے سمائی ہے تونے

فلک پہ ہے چمکتی ستاروں کی جھرمٹ
عجب ڈھنگ پہ یہ سجائی ہے تونے

ایستادہ کیا ہے بنا تھم کے امبر
رونق سارے جگ کو دلائی ہے تونے

کیا ہے کمال جو تخیل سے بالا
پربتوں پہ گلشن اگائی ہے تونے

نشیمن جو اپنی بناتی ہے بلبل
اسے ساری خصلت سکھائی ہے تونے

انوکھی گھٹائیں ہوا میں اڑائیں
مینہ ابر سے برسائی ہے تونے

عجب رنگ ہے اس پیارے جہاں کی
تکبیر کی آواز جہاں کو سنائی ہے تونے





بہت اچھا آدمی ہے۔ وہ میرا بہت خیال کرتا ہے۔
تنخواہ بھی معقول ہے۔ لیکن کام بہت سخت ہے۔ ہم
ہفتوں تک بازار کا شکل نہیں دیکھتے۔

ارے یہ وہاں بھی اپنے باپ دادا کے پیشے
سے منسلک ہوا۔ اس کے پرانے دوستوں میں سے
ایک نے چائے کی چسکی لیتے ہوئے کہا۔ اور پھر قہقہوں
کی گونج میں دوسرے نے کہا۔

شیخ کی نوکری ہے مذاق نہیں ہے۔ کل کو وہ بھی
جیئنڈ کی طرح لوگوں کی زمینیں اور نخلات خریدلے گا۔
لوگ اُس کے عزت اور احترام میں اُس کے گھر کا پہرہ
دیا کریں گے۔

اُس کا بھی یہی خیال ہے اُس نے جاتے ہوئے
مجھ سے کہا تھا کہ میرے والد کی روح کو اُس وقت
سکون ملے گا۔ جب میں اُن کے ہاتھوں کے لگائے
نخلات اور درختوں کا مالک بن بیٹھوں اور میں
ایسا ضرور کروں گا۔ کیونکہ ایسا کئے بغیر میرے سینے
میں لگی انتقام کی یہ آگ ٹھنڈی نہ ہوگی۔

(بقیہ اقبال کا مردِ مومن)

تمدن، تصوف، شریعت، کلام
بتانِ عجم کے پجاری تمام
حقیقت خرافات میں کھو گئی
یہ امت روایات میں کھو گئی
بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے
مسلماں نہیں راکھ کا ڈھیر ہے

اور یہ اس لئے کہ :

منزل و مقصود قرآن دیگر است
رسم و آئینِ مسلمان دیگر است

اس کا نتیجہ یہ اس لئے ہے کہ

دینِ حق از کافری رسوا تر است
زانکہ مُلاّ مومنِ کافر گر است

لہٰذا مردانِ مومن کہاں سے آئیں ؟

(بقیہ حضرت بلال حبشیؓ)

آنحضرتؐ کو خواب میں دیکھا کہ سرور کائنات
فرماتے ہیں کہ بلالؓ کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ
تم ہماری زیارت کو آؤ خواب دیکھتے ہی مدینے
کا مسافر مدینہ کی راہ پر چل نکلا جب مدینہ
پہنچے تو لوگ دیوانگی سے کہنے لگے بلالؓ آ گئے
بلالؓ آ گئے اور جب امام حسنؓ اور امام حسینؓ
نے انہیں دیکھا تو ان سے لپٹ گئے اور اذان کی
فرمائش کی۔ بلالؓ نے مجبور ہو کر ان کی فرمائش
پوری کی۔ لیکن مدینہ کے سارے لوگ آبدیدہ ہو گئے۔

آخر کار تریسٹھ ۶۳ برس کی عمر پا کر یہ عاشق
رسول سنہ ۲۰ ہجری میں انتقال کر گئے اور باب
الصغیر کے قدیم قبرستان میں دفن ہوئے۔ یہ
عہد فاروقیؓ کا تھا۔ حضرت بلالؓ کے کوئی اولاد
نہ تھی۔

ہوئے کھیتوں پر نگاہ ڈالے اور ایک ٹھنڈی آہ نکالے
واپس لوٹ جاتا ہے۔ دوستوں کی آواز اُسے اُن کی
طرف کھینچ لیتا ہے۔ اور وہ گومگو کے عالم میں اُس طرف
چل پڑتا ہے۔ جہاں اُس کے دوست بیٹھے خوش گپیوں
میں مصروف تھے۔ وہ اُن کے درمیان مغموم صورت
بنائے بیٹھا رہا۔ اور خاموشی سے اُن کی باتیں سنتا
رہا۔ کہ اچانک اُس کے ایک جگری دوست نے
اُسے ٹوکتے ہوئے کہا۔

پسند بھائی! خیر تو ہے۔ تمہارے سامنے
رکھی ہوئی چائے ٹھنڈی ہو گئی اور آپ کو خیال ہی نہیں؟
آج تو تم کھوئے کھوئے سے ہو۔ خیر تو ہے؟ ہاں دوست
خیر تو ہے۔ لیکن!

لیکن کیسی؟ اس کے دوست پسند کے بات کو
کاٹتے ہوئے پوچھا!

میں آج کئی دنوں کے بعد دوستین کے کھیتوں
پر گیا تھا۔ وہی لہلہاتے کھیت وہی رنگینی وہی ماحول
لیکن آج وہ ہستی وہاں موجود نہیں تھا۔ جو صبح شام
وہاں محنت مشقت کر کے کھیتوں میں خوشنما پھول اور
اناج اور میوے اگایا کرتا تھا۔ اُس کی باتیں مجھے
رہ رہ کر یاد آ رہی تھیں ,, دیکھو اگر دنیا میں عزت کی
زندگی گذارنا چاہتے ہو تو محنت اور فرمان برداری کو
آنکھوں کا سرمہ بنانا،،

پھر اس میں پریشان ہونے کی کیا بات ہے۔
اُن کے دوست گویا ہوئے

پریشان ہونے کی بات کیسے نہیں؟ دیکھو
میرے ابا نے اُن کے لئے کیا کچھ نہ کیا زمینوں کی دیکھ
بھال۔ گھر کی خیالداری۔ مال مویشیوں کی نگہداشت۔
لیکن دوستین نے اُن کی محنتوں کا اُسے کیا بدلہ دیا!
میرے والد بھوک اور بیماری سے سسک سسک کر فنا
ہونے۔ لیکن انہیں احساس تک نہ ہوا کہ جس شخص کی
محنتوں سے اس کا محل روشن ہے۔ اس کی کچھ حاجت روائی
کرے وہ کچھ دیر کیلئے خاموش ہو جاتا ہے۔ اور پھر
بڑبڑاتے ہوئے کہتا ہے۔

لیکن قربانی کا بکرا نہیں بنوں گا۔ میں محنت
کر کے اپنے پاؤں پر خود کھڑا ہونا چاہتا ہوں میں
کسی دوستین کیلئے محنت مشقت نہیں کروں گا۔

دوستین کے کھیتوں میں کام نہیں کرو گے تو
اور کیا کرو گے؟ اس کے دوست نے پوچھا۔

میں دبئی جاؤں گا اور آپ کو بھی ساتھ
لے جاؤں گا۔ وہاں ڈھیر ساری دولت کماؤں گا۔
اور دوستین سے اپنے والد کی بے بسی کا انتقام لوں گا۔
اس کو مجبور کروں گا کہ وہ خود ٹیکم اور بیلچہ سنبھالے۔
تاکہ اُسے معلوم ہو کہ محنت سے ہاتھوں میں چھالے
پڑ جاتے ہیں۔ اور بھوک میں خشک نوالے کیا اہمیت
بنتی ہے۔

پسند ارادے پکا تھا۔ اُس نے جو کچھ کہا اُسے
کر کے دکھایا۔ کچھ عرصے کے بعد اس کی چٹھی اپنے
دوست کے نام آیا۔ جس میں لکھا تھا۔

دوست خدا نے میری سن لی ہے۔ یہاں آتے
ہی مجھے شیخ کے باغ میں نوکری مل گئی ہے۔ میرا شیخ



پروفیسر محمد حسن بلوچ
شعبۂ جغرافیہ

انتقام

شفق کی سرخ کرنوں سے رات کی تاریکی چھٹنے لگی۔ بادِ صبا کی ٹھنڈک سے دلوں میں ایک عجیب خواہش انگڑائی لینے لگی اور وہ ہوا میں لمبی لمبی سانس لیتے ہوئے باغوں کی جانب جانے لگا۔ ہوا کے دوش لگتا تھا کہ اس کے گرد موجود ہر شے اڑنے کیلئے بیقرار تھی۔ لیکن بیچارہ پسند اِس پر لطف سماں میں بھی خوشی محسوس نہیں کر رہا تھا۔ اس کے پاؤں تیزی سے آگے بڑھ رہے تھے لیکن اُس کے خیالات اُس کے وجود کو پیچھے کی طرف دھکیل رہے تھے۔ خیالات کہ جن سے وہ بصد کوشش بھی خود کو آزاد نہیں کر پا رہا تھا۔ اور وہ چلتے ہوئے بڑبڑا رہا تھا۔

سب لوگ اِس موسم میں خوشی منا رہے ہیں۔ لیکن ایک میں ہوں جو لاکھ خواہش کے باوجود مسکرا نہیں سکتا۔ وہ کچھ دیر کیلئے خاموش ہوتا ہے اور پھر وہ خود ہی اپنے آپ سے مخاطب ہو کر کہتا ہے۔

مسکراہٹ تو اُن کیلئے ہے جو غمِ روزگار سے آزاد ہیں۔ اور مجھے بیروزگاری یہ مہلت کب دیگی کہ میں دوسروں کی طرح خوشی مناؤں۔ وہ ان خیالات میں غلطاں کھجوروں کے ایک بڑے نخلستان کے مرکز میں کھڑا اپنے اردگرد پھیلے سرسبز اور آباد زمینوں کو دیکھنے لگتا ہے۔ جو کہ چاول کے زرد خوشوں سے لہلہا رہے تھے۔ اس ماحول کو دیکھتے ہوئے اُس کی آنکھیں نم ہو جاتی ہیں اور اس کے سامنے ایک موہوم تصویر ناچنے لگتا ہے۔ اُس کے والد کی تصویر جو کہ بڑھاپے کے باوجود ان کھیتوں پر صبح شام محنت کیا کرتا تھا اور اسی سخت محنت کی وجہ سے وہ زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا تھا۔ غریبی اور مفلسی کے زہر سے اُس کی زندگی ختم ہو چکی تھی اُسے اپنی ماں کے وہ الفاظ بھی صاف سنائی دے رہے تھے جو کہ اپنے مجازی خدا کے پاس بیٹھی ماتم کر رہی تھی۔

پسند! تمہارے والد مرے نہیں اُسے زبردستی مرنے پر مجبور کر دیا گیا تھا اور تمہیں اپنے مرے ہوئے باپ کے ان ارمانوں کو پورا کرنا پڑے گا۔ جو وہ تمہارے روپ میں دیکھنا چاہتا تھا۔

میرا باپ بھوک، افلاس، علالت اور علاج نہ ملنے کی وجہ سے ہی مرا تھا اور اس کے خون پسینے کی کمائی پر دوستیں سانپ بنا بیٹھا رہا۔ میں اُسے ہرگز نہیں چھوڑوں گا۔ ہرگز نہیں چھوڑوں گا۔ وہ لہلہاتے

میری یہ حالت ہوئی جو تم دیکھ رہے ہو۔ پھر وہ ٹھنڈی آہ
کے ساتھ گویا ہوئی۔

میں حسین دوشیزہ تھی۔ لیکن محرمیوں نے میرے
وجود کو دیمک کی طرح چاٹ لیا ہے۔ میری حسن اور
خوبصورتی گہنا گئی۔ میرا لہو خشک ہوا۔ کاش کہ میں
محرومیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے جدوجہد کی راہ اختیار
کر لیتی تو میری زندگی رائیگاں نہ جاتی۔

لیکن آپ اپنے اردگرد کے حالات سے کچھ نہ
کچھ تو سیکھ لیتی! میں نے بے ساختہ کہا

اور وہ منہ بسورتے ہوئے کہنے لگی

وہ مجھے کیا سکھاتے انہیں تو میرے ہونٹوں
کی سرخی اور جسم کا لہو چاہئیے تھا لیکن میں اب جان
چکی ہوں

آپ کیا جان چکی ہیں؟ میں نے پوچھا۔

میری آگہی اُن کی موت ہے۔ جو کہ ہمیں فرسودہ
روایات اور رسم اور رواج کے بندھنوں میں قید
کئے ہوئے ہیں۔ اُس نے برجستہ کہا۔

فضا میں پھیلی گرد اور غبار آہستہ آہستہ کم
ہونے لگتی ہے اور میں اپنے ماحول کو اچھی طرح دیکھنے
لگتا ہوں۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ ماحول سنسان
اور ویران ہے۔ لوگ ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں۔
عورتیں رسم اور رواج کی باندی ہیں۔ بچے بھوک سے
بلک رہے ہیں۔ اور یہ سب کچھ دیکھتے ہوئے میرے
اندر کا انسان جاگ اٹھتا ہے۔ اور میں تیز قدموں کے
ساتھ اُس آواز کے پیچھے بھاگنے لگتا ہوں۔ میرے
قدموں کے نیچے کی مٹی دھول بن کر پھیل جاتی ہے۔ میں
جیسے جیسے آگے بڑھتا ہوں تو مجھے گیتوں کی آواز سنائی
دیتا ہے اور میں ان لوگوں کے ساتھ ہونے کیلئے
بیقرار ہوتا ہوں۔ جو کہ بڑے جذبے سے گیت گا رہے
تھے۔ موسیقی کے تاپ پر ناچ رہے تھے۔ ان کے ناچ
سے پیروں کی آواز دور دور تک پھیل چکی تھی۔ دھول
اس قدر زیادہ تھی کہ اس کو دیکھ کر دھند کا گمان ہوجاتا
ہے۔ اور میں خود کو اُس دھند میں چھپا محسوس کرتا ہوں
کہ اچانک وہی کھردرا اور سخت ہاتھ میرے شانوں
کی طرف بڑھتی ہے۔ اور میں خوف سے چلا اٹھتا ہوں
اور آواز پھر سے میرے کانوں میں گونجتی ہے۔

گیتوں بھری موسیقی سننے سے کسی کی دلی تمنائیں پوری
نہیں ہوتیں دیکھتے نہیں کہ کچھ لوگ خود کو ان گیتوں
سے کس طرح آزاد کرا رہے ہیں۔ یہ شور جو دور سے آرہی ہے۔
انہی لوگوں کا ہے جو گیتوں کے بجائے جدوجہد پر یقین
رکھتے ہیں۔ یہ سن کر میں موسیقی کی محفل سے اُٹھ کر اُسی طرف
بھاگنے لگتا ہوں اور تیز قدم بڑھاتے اُن تک پہنچ جاتا ہوں۔
اب میں وہاں کئی ایسے نوجوانوں کو دیکھتا ہوں جو کہ
ہوا میں سُرخ جھنڈے لہراتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے
اُن کے پیروں کی آواز سے دہشت پیدا ہو رہی تھی۔

"پیروں کی آواز!"

جو کہ ابھاگن عورت کی طرح اپنی منزل تک پہنچنے
کیلئے بے چین تھی اور اب مجھے اِن پیروں کی آواز کے علاوہ
اور کچھ بھی سنائی نہیں دیتا۔۔۔ پیروں کی آواز جو کہ آزادی
کے کاروان کو منزل تک پہنچانے کیلئے بیقرار تھیں۔

ٹھنڈی ہواؤں کا لطف اٹھانے سے محروم کیا گیا ہے۔
ان کا خیال تھا کہ میں بے زبان جانور کی طرح یہ سب کچھ
خاموشی سے سہہ لوں گی لیکن یہ ان کی بھول ہے۔۔۔۔۔۔
خاموشی پھر طاری ہوتی ہے اور میں سوچوں کے گرداب
میں ڈوبنے لگتا ہوں کہ اچانک وہ صدا پھر سے گونجتی ہے۔
میں اسیر ہوں، خواہشوں کا اسیر، مجبوریوں
اور محرومیوں کا اسیر۔۔۔۔ لیکن اسیر ہونے کے باوجود
لوگ مجھے آزاد سمجھتے ہیں اور میں اس آزادی کے مطلب
سے اچھی طرح واقف ہوں۔ آزادی، بنام آزادی
جو کہ غلامی کی بدترین تصویر ہے
"تصویر!"
جو کہ بظاہر خوبصورت لیکن۔۔۔۔! بات اُس کے منہ
میں اٹک جاتی ہے۔
لیکن اس گرد اور غبار میں تم یہاں کیا چاہتی ہے۔؟
میں نے پوچھا
گرد غبار۔۔۔۔۔۔ وہ اس لفظ پر زور دیتے ہوئے
کہتی ہے
یہ تو آپ کے محسوسات ہیں۔ ویسے یہ میرے پاؤں
تلے کی اٹھتی ہوئی مٹی ہے۔ جو میرے تیز قدموں کے
سبب اڑ رہی ہے۔ اور میں اس گرد اور غبار کو پیچھے
چھوڑ دینا چاہتی ہوں کیونکہ لوگ مجھ سے بہت آگے
نکل چکے ہیں۔ اور میں ان میں شامل ہونا چاہتی
ہوں اور وہ پھر مجھ سے مخاطب ہوا
کیا آپ یونہی کھڑے نظارہ کرتے رہو گے؟
ایسے لگا کہ وہ مجھ سے سوال کر رہی ہو اور میں

سکتے میں آ گیا لیکن اس کے با تواتر کی صدائے بازگشت
اب بھی آ رہی تھی۔
میں وقت کے ہاتھوں لٹ چکی ہوں۔ میرے
بال سفید اور جسم نحیف ہے۔ محنت اور مشقت نے
میری کمر ٹیڑھی کر دی ہے۔ میں اپنے وجود سے اب
بھی بے خبر نہیں ہوا ہوں لیکن آپ۔۔۔۔۔؟
لیکن آپ سے تمہاری کیا مراد۔۔۔۔؟ میں نے تعجب
سے پوچھا
"نوجوان!"
آپ بہت ہی سادہ لوح ہیں۔ اس نے کہا اور میں نے
دل ہی میں بڑبڑاتے ہوئے کہا واقعی یہ سچ کہتے ہیں
۔۔۔۔ میں دل ہی دل میں اور نہ جانے کیا سوچ رہا
تھا کہ آواز پھر سے بلند ہوا
اگر آپ سادہ نہ ہوتے تو مجھے پہچان کیسے نہ لیتے۔
آپ اگر میرے سینے کے پوشیدہ زخموں اور ارمانوں
کو دیکھ نہیں پاتے تو کوئی بات نہیں لیکن میرے
ان کھردرے اور سخت ہاتھوں سے میری مجبور زندگی
کا اندازہ لگانا آپ کیلئے مشکل بات نہ ہوگی۔
اس کی ذلت آمیز باتوں سے مجھے بے حد
کوفت ہوئی۔ لیکن مجبوری اور خوف کیوجہ سے میں
پھر بھی خاموش رہا۔ اور وہ میرے خاموشی کو توڑتے
ہوئے گویا ہوئی۔
"نوجوان!"
زندہ انسانوں کیلئے خاموشی موت ہے۔ میں بھی کافی
مدت تک خاموشی کو ذریعہ نجات سمجھتی رہی اور

ہاتھ کو مضبوطی سے پکڑ کر کھڑا ہو جاتا ہوں۔

"وہ ہاتھ!"

ظلم اور استبداد کے لیے اور سخت ہاتھ جو
مظلوم اور بے بس انسانوں کیلئے تیز تلوار کی مانند
ہوتی ہے۔

لیکن یہ ہاتھ جو مجھے سہارا دینے کیلئے میری جانب بڑھا
تھا۔ یہ ایک سخت اور کھردرا ہاتھ تھا۔ اس کے ہاتھ
پر چھالے پڑے ہوئے تھے۔ اور ایسا لگتا تھا کہ آسودگی
اور خوشحالی نے اِن ہاتھوں کو چھوا تک نہ ہو اور میں
اس ہاتھ کو پکڑتے ہوئے کہتا ہوں

آپ کے ان ہاتھوں کو دیکھ کر مجھے یوں محسوس
ہوتا ہے کہ آپ بھی میری طرح کے ایک مجبور اور محروم
انسان ہونگے۔ یعنی آپ میرے ہی کائنات کے
لوگوں میں سے ہیں لیکن پھر بھی آپ مجھ سے اپنی صورت
چھپائے ہوئے ہیں۔

میری صورت دیکھ کر تم کیا کرو گے؟ میں تو
اپنی غم بھری صورت سے خود ہی اکتا چکی ہوں۔ آواز
ایک مرتبہ پھر میرے کانوں میں گونجتی ہے۔ اور میں اس سے
مخاطب ہوتا ہوں

آپ کی صورت کیسی ہی کیوں نہ ہو لیکن مجھے آپ کی
صورت دیکھنے کی تمنا بے چین کر رہی ہے۔ کیونکہ میں
یہ جاننا چاہتا ہوں کہ آپ کون ہیں۔

میں کون ہوں۔؟ آواز پھر میرے کانوں میں
گونجتی ہے۔

ہاں! آپ کون ہیں؟ میں اس سے پوچھنے لگتا ہوں۔

میں آزادی ہوں۔ لیکن اسیر ہوں۔ اور میرے یہ کھردرے
اور سخت ہاتھ میری اسیری کے گواہ ہیں۔ لیکن یہ سب
کچھ جان کر آپ کیا کریں گے؟ ایسے لگا جیسے وہ مجھ
دست گریبان ہونا چاہتی ہو۔ اور میں ندامت سے
خاموش ہو جاتا ہوں۔

تند و تیز ہوا چل رہی تھی۔ گرد سے تاریکی اور
بھی پھیلنے لگتا ہے۔ ہر جانب رات کا سماں تھی اور
اُس آواز کی گونج اب بھی سنائی دے رہی تھی۔
تاریکی اور گونج کی دہشت سے مجھے ایک خوف طاری
ہوا۔ تیز ہواؤں کے جھونکے مجھے پھر سے گرا دیتے ہیں
لیکن میں اپنے پاؤں کو زمین پر مضبوطی سے جما کر
خود کو گرنے سے بچا لیتا ہوں اور خوف کے باوجود
اس آواز کو پھر سے سننے کی کوشش کرتا ہوں۔

ہاہاہاہاہا---- میں ہی آزادی ہوں لیکن مجھے
آزادی کے دشمنوں نے قیدی بنا لیا ہے۔ میں اسیری
کے اِن بندھنوں کو توڑنا چاہتی ہوں لیکن مجبوریاں
میرے پاؤں کی زنجیر بن چکی ہیں۔ میں جہاں بھی جاتی
ہوں لوگ میرا گلا دبانے کے لئے میری جانب لپکتے
ہیں۔ وہ پاگلوں کی طرح چلّاتی ہے۔ اور اس کی صدائے
بازگشت کافی دیر تک سنائی دیتی ہے۔ اور پھر ہر جانب
خاموشی طاری ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ خاموشی زیادہ دیر
تک قائم نہیں رہ سکتی اور ایک ہلکی اور پراسرار
آواز پھر سے سنائی دیتی ہے۔

میں جنت کا ایک آزاد پرندہ ہوں لیکن مجھے تاریک
گھونسلے میں بند کر دیا گیا ہے۔ مجھے آزاد فضا کے

پروفیسر غنی طارق
گورنمنٹ ڈگری کالج پنگور



آواز

تیز آہٹوں کے دل ہلا دینے والی آواز بلند ہو رہی تھی۔ ایسا لگتا تھا کہ یہ آواز دھرتی کے کوکھ سے جنم لے رہی ہو ان تیز آہٹوں کی دہشت سے ایک دھول اُٹھ رہی تھی۔ جس سے ہر جانب تاریکی پھیل رہی تھی۔ نا اُمیدی اور مایوسی کا عالم تھا۔ ایسا لگتا تھا کہ اِن آہٹوں کے پیچھے کسی عورت کی مغموم آواز دھیرے دھیرے آرہی ہو۔ میں نے اُس آواز کو غور سے سنا۔ مجھے یوں لگا جیسے کہ وہ مجھ سے مخاطب ہو۔

"نوجوان!"

لوگ اِس آلودہ ماحول سے نجات کی راہ ڈھونڈ رہے ہیں اور ایک آپ ہیں جو کہ خود سے بیگانہ ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے ہو۔ اگر اس طرح بیٹھنے سے کچھ حاصل ہوتا تو آج ہر طرف آزادی کے نغمے گونج اٹھتے ..... میں اس آواز کو غور سے سن کر سوچوں کے تلاطم میں ڈوبنے لگتا ہوں۔ کہ تیز ہواؤں کے جھونکے مجھے گرا دیتے ہیں۔ اور یہ آواز مجھے اور بھی قریب سنائی دیتی ہے۔

"نوجوان!"

میں بھی صدیوں سے تمہاری طرح آزادی کی خواہش لئے ہاتھ پر ہاتھ دھری بیٹھی رہی میں اُس وقت ایک خوبصورت دوشیزہ تھی۔ میرے جلوے سے یہ کائنات روشن تھی۔ لیکن اب میری حسن ماند پڑگئی ہے۔ میری بالوں کی چمک ختم ہو چکی ہے۔ میرے بالوں میں اب سفیدی آگئی ہے۔ لیکن میرے آنگن میں ابھی تک آزادی کا چراغ روشن نہیں ہوا ہے۔ مجھے اب یہ احساس ہوا ہے کہ آزادی خواہشات کی غلامی سے نہیں بلکہ جدوجہد اور قربانیوں سے عبارت ہے۔ اور پھر یہ آواز خود بخود تھم جاتی ہے اور میرے گرد تاریکیوں کے بادل اور بھی گہرے ہو جاتے ہیں۔ سنسان ماحول مجھے اور بھی خوفزدہ کر دیتے ہے لیکن ایک موہوم حوصلہ مجھے آگے بڑھنے کیلئے مجبور کر دیتا ہے۔ میں آگے کی جانب بڑھتا ہوں کہ اچانک میں کسی پتھر سے ٹکرا کر گر پڑتا ہوں اور ایک اجنبی ہاتھ میری جانب بڑھتا ہے اور میں اُس

ادران کی اجارہ داری ختم کئے بغیر عام لوگ معدنیات کے کاروبار میں آگے نہیں جا سکتے ۔ اُن کی اجارہ داری ختم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مقامی لوگوں کو اپنے معدنی وسائل کو باہر بھجوانے میں سرکاری حمایت، سرپرستی اور تعاون حاصل ہو۔

سوئی گیس | یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان کے ۵۴ بز توانائی کا مسئلہ سوئی گیس سے پورا ہوتا ہے صرف کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن ۳٫۱۲٫۰۰۰۰۰ مکعب فٹ گیس روزانہ خرچ کرتی ہے ۔ گیس کی یہ مقدار ۲۷۰ ٹن تیل کے برابر ہے ۔ ۱۹۶۷ء کے اعداد و شمار کے مطابق سوئی گیس کے استعمال سے ایک کروڑ چالیس لاکھ کا زرِ مبادلہ بچایا گیا تھا ۔ حالانکہ گھریلو استعمال کے ساتھ ساتھ سندھ، پنجاب اور سرحد میں کارخانوں کے علاوہ ٹیوب ویلیں بھی سوئی گیس سے چلائی جا رہی ہیں ۔ لیکن بلوچستان میں سوئی گیس پیدا ہونے کے باوجود یہاں کے لوگ اس کے استعمال سے محروم ہیں ۔ اس وقت کوئٹہ اور کچھ شہروں میں سوئی گیس محض گھریلو استعمال کی حد تک استعمال ہو رہا ہے ۔ جبکہ باقی ماندہ بلوچستان کے لوگ اس سہولت سے محروم ہیں ۔

سینڈک پروگرام کے لئے ۲۰۰ ملین ڈالر کا رقم مختص ہوا ہے ۔ اگر اس رقم کو کام میں لایا جائے تو سینڈک پروگرام سے بلوچستان کا مقدر جاگ جائے گا اور لوگ خوش حالی کے دن دیکھیں گے کیونکہ ماہرین کے مطابق سینڈک کے مقام پر مختلف معدنیات کے اہم کروڑ ۲۰ لاکھ ٹن معدنی ذرائع ہیں ۔ ان معدنیات میں سونا، تانبہ، لوہا، چاندی اور گندھک وافر مقدار میں شامل ہیں ۔ ایک عام اندازے کے مطابق اس منصوبے کی تکمیل سے ہر سال ۱۷۸۵۰ ٹن خام تانبہ، ۵۲ ہزار اونس گولڈ، ۸۰ ہزار اونس چاندی، ایک لاکھ ٹن لوہا اور ۲ لاکھ ۳۰ ہزار ٹن گندھک کا تیزاب حاصل ہوگا ۔ جس سے سالانہ ۱۲۰٫۵۲۰ ملین ڈالر کی آمدنی ہوگی ۔

اسی طرح گڈانی کے مقام پر جہاز توڑنے کی صنعت بھی ہے ۔ جو کہ اپنی اہمیت اور کارکردگی کے حوالے دنیا میں دوسرے نمبر پر ہے ۔ جو بلوچستان کے ان منجملہ معدنی و دیگر قدرتی وسائل کو دیکھتے ہوئے یہ کہنا غلط ہوگا کہ بلوچستان خطے کا ایک غریب علاقہ ہے ۔ بلوچستان بلاشبہ اپنے ان وسائل کی بنیاد پر ایک درخشاں مستقبل کا امین ہے ۔ اور اس کے فرزند بھوک، افلاس اور ناخواندگی کی تاریکیوں کو مٹا کر ایک درخشاں مستقبل کی تعمیر ضرور کریں گے ۔



کے علاوہ پنجاب کے بعض بااثر افراد شامل ہیں۔ چنانچہ ان محدود سے چند افراد کے آمدنی اور منافع کا ایک بہت بڑا حصہ بلوچستان سے باہر زمینوں کی آباد کاری کارخانوں کے عمارات اور مشینی ساز و سامان خریدنے اور بڑے بڑے شہروں میں عالی شان مکانات بنانے پر خرچ ہو رہی ہیں۔ جبکہ اس منافع کے اصل وارث منافع کی افادیت سے محروم پسماندگی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ کوئلہ کے کانوں میں کام کرنے والے مزدور نہ صرف محدود اُجرتوں پر اپنی قوت محنت کو فروخت کرتے ہیں، بلکہ وہ کانوں میں کس مپرسی کی زندگی بھی گذار رہے ہیں

کرومائیٹ | کرومائیٹ زرِمبادلہ کمانے والی بہت ہی اہم معدنیات میں سے ایک ہے۔ جو کہ بلوچستان کے کئی علاقوں سے نکالا جا رہا ہے۔ کرومائیٹ کے وسیع ذخائر پر کام شروع ہونے سے اب بلوچستان میں سماجی ارتقا کا عمل قدرے تیز ہو رہا ہے۔ یہاں پر ایک خوش آئند بات یہ ہے کہ کوئلہ کی طرح کرومائیٹ کا کاروبار بلوچستان سے باہر کے لوگ نہیں کرتے بلکہ یہ کاروبار مقامی افراد بالخصوص یہاں کے سرداروں، نوابوں اور وڈیروں کے کنٹرول میں ہے جو کہ بڑی تیزی سے سرمایہ دار بنتے جا رہے ہیں۔ کرومائیٹ کی دولت سے جہاں یہاں کی بالادست طبقے کو معاشی بالادستی حاصل ہو رہی ہے وہاں نچلے اور متوسط طبقے کی زندگیوں میں بھی بہار آ رہی ہے۔ ان کے افکار اور سوچ میں بڑی تبدیلیاں پیدا ہو رہی ہیں۔ مقابلہ بازی کا ایک رجحان بڑھ رہا ہے جو کہ مستقبل میں پیدا ہونے والے طبقاتی کشمکش کے امکانات کی نشاندہی کرتے ہیں۔

سنگِ مرمر | سنگِ مرمر زرِمبادلہ کمانے کا دوسرا اہم ذریعہ ہے۔ سنگِ مرمر ضلع چاغی میں وافر مقدار میں موجود ہے۔ ایک عام اندازے کے مطابق چاغی میں سالانہ ۱۸ ہزار ٹن سے زائد سنگِ مرمر نکالا جاتا ہے۔ جس کا زیادہ تر حصہ برآمد کیا جاتا ہے۔ ضلع چاغی کوہ سلطان سے اور قلات ڈویژن میں خضدار کے قریب گندھک نکالی جاتی ہے جو کہ ملک کے لئے زرِمبادلہ کمانے کا ایک اور اہم ذریعہ ہے۔ ان کے علاوہ بعض دوسری معدنیات مثلاً بیرائیٹ، سرمہ، تانبہ، المونیم، جپسم، چونے کا پتھر اور ابرق بھی بلوچستان کے مختلف علاقوں سے نکالے جاتے ہیں۔ اگر ان جملہ معدنی وسائل سے پوری طرح فائدہ اٹھایا جائے تو ان سے یہاں کی معاشی اور سماجی زندگی میں ایک انقلاب بپا ہو سکتا ہے۔ لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ ان معدنیات کے لیز یا ٹھیکے مراعات یافتہ اور بااثر افراد کے علاوہ عام لوگوں کو دینے کے ساتھ ساتھ حکومت انہیں مکمل مالی اعانت بھی کرے۔ لیکن اس وقت صورت حال اس کے بالکل اُلٹ ہے۔ ان معدنیات پر اکثر و بیشتر غیر مقامی سرمایہ داروں کا قبضہ ہے۔ اور ان لوگوں کا بین الاقوامی منڈیوں پر مکمل اجارہ داری ہے۔

واقع ہوا ہے۔ اگر بلوچستان میں روزگار کے نئے مواقع پیدا نہیں کئے گئے تو اس سے بلوچستان کے عوام میں شدید مایوسی پھیلنے کا اندیشہ پیدا ہونے کا امکان ہے۔ اس سلسلے میں حب اور وندر کے صنعتوں میں مقامی افراد کی بھرتی کا سلسلہ جاری رکھنے کے علاوہ سینڈک اور میرانی ڈیم جیسے منفعت بخش منصوبوں پر کام شروع کرنے کی بہت ہی ضرورت ہے۔ علاوہ ازیں بلوچستان میں پہلے سے قائم بعض بند کارخانوں کو چلانے کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں وہاں پر دستیاب خام مال کی مناسبت سے صنعتوں کا قیام بھی بہت ہی ضروری ہے۔ اگر ایسا کیا گیا تو بعید نہیں کہ لوگ بیروزگاری سے نجات نہ پائیں۔

بلوچستان میں ایک ترقی یافتہ سماج کے قیام کی راہیں بہت ہی روشن ہیں۔ بشرطیکہ بلوچستان کے وسیع و عریض زرعی زمینوں، پہاڑوں میں پوشیدہ معدنی دولت، ساحلِ مکران کے قدرتی بندرگاہوں اور دیگر سمندری وسائل سے کماحقہٗ استفادہ کے لئے جامع منصوبے بنائے جائیں۔

بلوچستان ۱,۳۴,۰۰۰۰ مربع میل پر محیط ایسا خطۂ زمین ہے جہاں زیرِ زمین پانی کا تناسب دیگر صوبوں کی نسبت کافی زیادہ ہے۔ اگر بلوچستان میں زیرِ زمین پانی کو استعمال میں لانے کی کوئی سبیل نکالا جائے تو اس سے کروڑوں ایکڑ اراضی قابلِ کاشت ہو سکتی ہے جس سے نہ صرف ہماری ملکی زرعی پیداوار کی ضرورتیں پوری ہوں گی بلکہ غیر ملکی منڈیوں میں بھی زرعی اجناس کو فروخت کرنے سے کافی زرمبادلہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان میں زیادہ علاقوں کا آبی سروے بھی ہوا ہے۔ اور ان علاقوں کی نشاندہی بھی کی گئی ہے جہاں زیرِ زمین آبی وسائل موجود ہیں۔ ایک عام اندازے کے مطابق زیرِ زمین پانی سے استفادہ کرتے ہوئے ۱,۸۵۰۰۰ ایکڑ اراضی قابلِ کاشت ہو سکتی ہے۔ زیرِ زمین کے علاوہ بارش کے پانی کو بند باندھ کر قابلِ استعمال لانے سے زراعت کو مزید ترقی دی جا سکتی ہے۔ علاوہ ازیں یہاں پر جنگلات، مال مویشی اور معدنیات کے بیشمار ذخائر موجود ہیں، جن کے استعمال سے نہ صرف یہاں کی قلیل آبادی کو ہر طرح کی آسائش فراہم ہوں گی بلکہ پاکستان کے دیگر صوبوں کے عوام کو نئی زندگی بھی مل سکتی ہے۔ لیکن ابھی تک ان قدرتی وسائل سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھایا جا رہا ہے۔ اور جہاں جہاں معمولی پیمانے پر جو معدنی کام ہو رہا ہے، وہ بھی یہاں کی بالا دست طبقے کی سماجی حیثیت کو مستحکم کرنے کے لئے مستعمل ہیں۔ ذیل میں چند معدنیات کا ہم تذکرہ کرتے ہیں۔

کوئلہ | کوئلہ بلوچستان کی سب سے بڑی معدنی دولت ہے۔ اس منفعت بخش کاروبار میں پی آئی ڈی سی

چشمے بلوچستان سے مغرب کی طرف بہتے ہیں۔ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو بطریقِ احسن استعمال میں لانے کی ضرورت ہے اور اگر ایسا کیا گیا تو اس سے نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی ترقی کو چار چاند لگ جائے گا۔

بلوچستان صرف چٹیل پہاڑوں کی ہی سرزمین نہیں بلکہ اس میں حدِ نظر پھیلی ہوئی زرخیز زمینیں بھی ہیں۔ بلوچستان کی زمین پیداوار کے لئے کافی موزون ہے۔ جہاں ہر موسم کے پیداوار ہوتے ہیں یعنی بلوچستان میں ہر موسم کے پیداواری خطے موجود ہیں۔ ایک عام اندازے کے مطابق اگر خاران میں گندم کی کاشت کو مروّجہ سائنسی تکنیک کے مطابق وسیع کیا جائے تو اس سے پاکستان کی غذائی ضرورت کو بڑی حد تک پورا کیا جا سکتا ہے۔ گندم کے علاوہ بلوچستان میں سرد، معتدل اور گرم موسموں کے تمام میوے اور اجناس پیدا ہوتے ہیں۔ بلوچستان میں بعض ایسے مقامات بھی ہیں جہاں بہ یک موسم مختلف النوع موسمی پیداوار دیکھنے میں آئے ہیں۔ بلوچستان میں زرعی ترقی کے قوی امکانات موجود ہیں لیکن یہ اس صورت میں ممکن ہے کہ ہم حکومتی سطح پر بلوچستان میں زیرزمین پانی کو جدید خطوط پر قابلِ استعمال بنایا جائے جس طرح سندھ، پنجاب اور سرحد کی بہتی دریاؤں پر بڑے بڑے ڈیم تعمیر کر کے اُن کا رُخ زرعی زمینوں کی طرف موڑا اسی طرح بلوچستان میں بھی زیرزمین پانی کو قابلِ استعمال لانے کا سائنسی سبیل کرتے ہوئے یہاں کے عوام کو فرسودہ کاریزی سسٹم سے نجات دلایا جا سکتا ہے اور یہاں پر زراعت اور معدنیات کو ترقی دیکر صنعتی زندگی کے لئے خام مال کی صنعت کو کافی حد تک پورا کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان میں صنعتیں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اور کوئی علاقہ اُس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا جب تک کہ وہاں صنعتی سماج کی بنیادیں استوار نہ ہوں۔ جہاں تک بلوچستان میں صنعتوں کا سوال ہے، یہاں پر صنعتوں کا تناسب دیگر صوبوں کی نسبت بہت ہی کم ہے۔ البتہ کچھ سالوں سے ضلع لس بیلہ کو ایک صنعتی علاقہ قرار دیا گیا ہے اور اسی بنیاد پر حب اور وندر میں صنعتوں کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ لیکن ان صنعتوں کے نہ مالک مقامی ہیں اور نہ ہی مقامی افراد کو ان صنعتوں میں ترجیحی بنیادوں پر ملازم رکھا گیا ہے یہی وجہ ہے کہ بلوچستان میں بیروزگاری ایک اہم مسئلہ بن گیا ہے۔ اگر حب اور وندر کے صنعتوں میں مقامی افراد کو شیئر دینے کے علاوہ یہاں پر بیروزگاروں کو روزگار فراہم کیا جائے تو اس سے بیروزگاری پر کافی حد تک قابو پایا جا سکتا ہے۔ اب اس کی ضرورت پہلے سے کافی حد تک بڑھ گئی ہے کیونکہ خلیجی ممالک میں ترقیاتی کاموں کی تکمیل کے بعد وہاں غیرملکی افرادی قوتوں کی طلب میں کافی کمی

خالد مراد سیکنڈ ایئر (سائنس)



بلوچستان کے قدرتی وسائل

بلوچستان ایک قدیم تاریخی سرزمین ہے۔ بلوچستان کے ژوب، مہر گڑھ، اور ناچ اور بعض دیگر علاقوں میں ماہرین آثارِ قدیمہ نے آثارِ قدیمہ کی جو کھدائیاں کی ہیں، ان سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ یہ خطہ قدیم زمانے میں اعلیٰ تہذیبی اور تمدنی اقدار کا مالک رہا ہے۔ یہاں پر بے شمار ایسے تاریخی نوادرات ملے ہیں جو کہ قبلِ مسیح سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس سرزمین نے نہ صرف غیر ملکی حکمرانوں کی فوجی یلغار کے تلخ نظارے دیکھے ہیں، بلکہ یہاں داخلی طور پر کئی بادشاہتیں قائم ہوئی ہیں اس طرح اس سرزمین نے بے شمار حکمرانوں کو عروج و زوال کے ادوار سے گزرتے دیکھا ہے۔ لیکن عہدِ جدید میں اگر بلوچستان کے سماجی زندگی کو دیکھا جائے تو اس تمام صورت حال کی نفی ہو جاتی ہے۔ بلوچستان میں سماجی اور معاشی جمود کو دیکھتے ہوئے بالخصوص یہاں کی قبائلی معاشرے کو دیکھتے ہوئے کوئی یقین بھی نہیں کر سکتا کہ یہ سرزمین کبھی گدروشیا کے نام سے دنیا کی حکمرانی کا ایک اعلیٰ نمونہ رہا ہے۔ یہ علاقہ اگر ماضی بعید میں وادی دجلہ اور فرات کے آشوری، کلدانی، ایرانی اور عربوں کی تجارت، ثقافت اور سیاست کے لئے مشرقِ وسطیٰ اور ہندوستان و چین کے مابین ایک پُل کا درجہ رکھتی تھی تو آج بھی اُس کی جیوپولیٹیکل اور معاشی اہمیت کم نہیں ہوا ہے۔ عہدِ جدید میں یہ خطۂ ارض اپنے آبی گذرگاہوں اور قدرتی وسائل کی بدولت عالمی سیاست میں ایک اعلیٰ مقام رکھتی ہے۔ بلوچستان دنیا کا وہ واحد خطہ ہے جو ۷۵۰ میل سمندری پٹی کے علاوہ کئی قدرتی بندرگاہوں کا مالک ہے۔ اور اس علاقے سے روزانہ کئی سو تجارتی جہاز گذرتے رہتے ہیں۔ اس طرح یہ خطہ دنیا کی سب سے بڑی آبی گذرگاہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ماہرینِ اقتصادیات نے اُسے عالمی تجارت کا شہ رگ قرار دیا ہے۔ اس طرح بلوچستان اپنی اس بین الاقوامی جیوپولیٹیکل اہمیت کے علاوہ داخلی طور پر بھی ایک اہم اور مستحکم خطہ ہے، جہاں معدنیات کی بہتات ہے، یہ امر واضح ہو کہ خلیجِ فارس کے تمام تیل کے ذخائر کے

رکھنے والے طالب علم اپنی پسند کے مضامین کا انتخاب کر سکینگے۔

کتابوں کے غیر ضروری بوجھ کی وجہ سے ہمارے کالجز اور یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم نوجوان علمی اہلیت پیدا کرنے سے قاصر ہیں۔ کیونکہ اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ پہلی سے ڈگری کلاسز تک اس پر مضامین کا بے تحاشا بوجھ ہوتا ہے اور پھر ماسٹر ڈگری کے دو سالوں میں اس کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ کسی مضمون کا انتخاب کر کے اس میں عالم اور فاضل بن جائے۔ جس کے سبب اُن کا علمی صلاحیت محدود ہو جاتی ہے۔ اور طلباء کی صلاحیتیں والدین کے جبر، تعلیمی بندشوں اور معاشرے کی پسند اور ناپسند کی نظر ہو جاتی ہیں۔ طلباء کے ذہنی اور فطری رجحانات کو جانچنے اور سمجھنے کو اس کی خداداد صلاحیتوں کے مطابق تعلیم دینے کا کوئی بندوبست نہیں ہے۔ جبکہ نظام کائنات کو قائم رکھنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو ایک مخصوص فطری رجحان ودیعت کی ہے۔ چنانچہ اس فطری ضرورت کو پورا کرنے کیلئے خدا نے ہر انسان کو جداگانہ صلاحیتوں سے نوازا ھے۔ کچھ انسانوں کو ذہین فطین اور کچھ انسانوں کو کند ذہن افراد میں تقسیم کیا ہے۔ لیکن میرے خیال میں اس میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ انسان پیدائشی طور پر مساویانہ ذہن لے کر آتا ہے۔ اس کی ذھنی صلاحیتوں کی ارتقاء یا تنزل میں حالات اور ماحول اور تربیت کا بڑا ہاتھ ہوتا ہے۔ اور یہ گھر کے علاوہ تعلیمی درسگاہوں کی فرض منصبی بنتی ہے کہ وہ کما حقہٗ طلباء کی اخلاقی، روحانی اور ذہنی تربیت کا بندوبست کریں تاکہ طلباء مستقبل کے باہنر اور ذہین افراد بن سکیں۔ لیکن ہمارا آج کا علمی اور سماجی ماحول انہیں کند ذہن اور نالائق بنا دیتا ہے۔ جب کسی انسان کی فطری صلاحیتوں اور رجحانات کے برعکس کام لیا جائے گا تو نتائج حوصلہ افزا نہیں ہونگے۔ لہٰذا ہمارے نظام تعلیم میں اِن مسائل کو سنجیدگی سے دور کرنے کی ضرورت ہے۔

دور جدید سائنس اور ٹکنالوجی کا دور ھے۔

انسان سائنس کی بدولت مشاہدات اور عمل کا قائل ہے۔ اور سائنس آج کے دور میں انسان کی زندگی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ لیکن ہم سائنسی علوم میں بہت پیچھے ہیں اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہمارے سائنسی نصاب کا عملی زندگی سے کوئی ربط نہیں ہے۔ ہمارے ہاں جو کچھ بھی پڑھایا جاتا ہے۔ اس کا عملی زندگی میں استعمال بہت ہی کم ہے۔ وہ قومیں جو اپنے ہونہار فرزندوں کو سائنسی زیور تعلیم سے صحیح معنوں میں آراستہ کرا چکے ہیں آج وہ قومیں ترقی کے عروج پہ پہنچے ہوئے ہیں۔ لیکن ہم ابھی تک نامرادیوں اور محرومیوں کی خاک آلود زندگی گذار رہے ہیں۔ ان حالات میں یہ ہمارے حکمرانوں کا قومی فریضہ بنتی ھے کہ وہ تعلیم کے شعبے میں بنیادی اور حقیقت پر مبنی تبدیلیاں لانے کی کوشش کریں تاکہ ملک اور ملّت کے پھولوں کو گلشن حیات میں مہکنے کا موقع میسر آئے۔



فرزانہ ھاشم
سال اوّل (سائنس) گرلز کالج

ہمارا نظام تعلیم

اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ علم ہی قوموں کی سیاسی معاشرتی اور معاشی ترقی کی بنیاد ہوتی ہے۔ ہر ملک کی یہ اولین فریضہ بنتی ھے کہ وہ اپنے عوام اور ملک کے مستقبل اور دائمی مفادات کی خاطر تعلیم کو نہ صرف عام کرے بلکہ اپنے ملک میں ایسی تعلیمی نظام کو رواج دے جو کہ وقت اور حالات کے مطابق ہو۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں نظام تعلیم گذشتہ کئی سالوں سے محض موضوع بحث بنا ہوا ہے۔ اس کی بہتری کیلئے سفارشات پیش کئے جا رہے ہیں۔ منصوبے بنائے جاتے ہیں۔ لیکن اِن تمام تر کوششوں کے باوجود ہم وہ مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کر سکے ہیں جو ہماری ضرورت بنتی ہیں۔ بظاہر یہاں پر تعلیم کی ترقی کے بڑے بڑے دعوی ہوتے ہیں لیکن تعلیمی اداروں سے فارغ نوجوان بے ہنر ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی تعلیمی سند کے مطابق علمی اہلیت سے بھی بے بہرہ ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بعض غیر ملکی ادارے ہمارے تعلیمی اسناد کو تسلیم نہیں کرتے۔ ہمارے گریجویٹس معمولی سی درخواست بھی نہیں لکھ سکتے۔ ہمارے اس غیر معیاری کارکردگی کا سبب ہمارا ناقص نظام تعلیم ہے۔

سکول جاتے ہوئے بچوں کو دیکھ کر ترس آتا ہے۔ ان معصوم بچوں پر کتابوں کا غیر ضروری بوجھ لدے دیکھ کر یوں محسوس ہوتا ہے کہ وہ علم کے حصول کیلئے جا نہیں رہے بلکہ وہ بازار میں بوجھ اٹھانے کیلئے جا رہے ہوں یا بوجھ اٹھانے کی خود میں عادت ڈال رہے ہوں تاکہ کل کو بڑے ہو کر پیٹھ پر وزنی بوجھ اُٹھانے کے قابل ہو سکیں۔ ماہرین تعلیم کو اِس مسئلے کی طرف خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے پرائمری کلاسوں میں تدریسی کتابوں کا بوجھ کم کرنے کیلئے ضروری ہے کہ یہاں کتابوں کی تعداد تین سے زیادہ نہ ہوں۔ معاشرتی علوم دینیات اور سائنس کے مضامین کو اردو کے ساتھ یکجا کر کے ایک ہی اُردو کی کتاب جاری کی جائے جسمیں مذکورہ تمام مضامین کے اسباق ایک کہانی کے انداز میں آسان زبان میں شامل کر دیئے جائیں۔ جو کہ طلباء کیلئے دلچسپ اور آسان ہوں۔ اس طرح اردو کی کتاب میں من گھڑت، اور بے مقصد تدریسی مواد کو پڑھانے پر طلبا کی وقت اور توانائی دونوں ضائع نہیں ہو گی۔ تاہم بڑی کلاسز میں اردو ادب سے لگاؤ

پیش آتے ہیں۔ دو تین برس پہلے اس دریا پہ پُل
نہ ہونے کی وجہ سے چار چار روز آنا جانا بند ہوتا
تھا لیکن حال ہی میں حکومت نے پُل تعمیر کرکے
پنجگور کے عوام کی دیرینہ خواہش اور ضرورت کو
پورا کیا۔

یہاں کے لوگ روزگار نہ ہونے کی وجہ سے
زیادہ تر گلف کے علاقوں میں محنت مزدوری کرنے
جاتے ہیں۔ جو کہ دو تین برس کے بعد واپس
وطن لوٹ آتے ہیں۔

پنجگور میں عورتوں کی پردہ پوشی یہاں کی
قومی اور مذہبی روایت ہے عورتیں بغیر پردہ کے
نہیں چلتے پھرتے۔ یہاں کی عورتیں بازار کے گھومنے
پھرنے سے گریز کرتے ہیں۔ یہاں شادیاں بلوچی اور
پرانی طرز و طریقہ پہ ہوتی ہیں۔

چالیس، پچاس سال پہلے یہاں کے لوگ تعلیم
سے اتنی واقفیت نہیں رکھتے تھے اور اپنی عورتوں
کو تعلیم دینا اور پڑھانا مذہبِ اسلام کے خلاف
سمجھتے تھے لیکن آج ہر گھر اور ہر محلے میں ضرور
بالضرور مرد، عورت تعلیم یافتہ نظر آئیں گے۔ یہاں
پنجگور میں ایک ڈگری کالج اور ایک گرلز ایلیمنٹری کالج
موجود ہے۔ اور نو ہائی اسکول اور بہت سے مڈل
اور پرائمری سکولز موجود ہیں۔ پنجگور کی ایک بہت
پرانی اور دیرینہ خواہش بجلی ہے لیکن اس ٹیکنالوجی
کے دور میں یہاں بجلی نہیں ہے۔

ضلع پنجگور ایک تحصیل اور دو سب تحصیلوں پر مشتمل ہے۔

۱۔ تحصیل پنجگور
۲۔ سب تحصیل گچک
۳۔ سب تحصیل پروم


ضلع پنجگور بارہ یونین کونسلوں پر مشتمل ہے
اور اس کا صدر مقام چتکان ہے۔ ضلع پنجگور کھجور
کے پیداوار کے لحاظ سے مشہور ہے۔ جس میں
کھجوروں کی کئی اقسام ہیں۔

(۱) موزاتی (۲) سبزو (۳) جہان سہر (۴) ہلینی
(۵) ربئی (۶) وشکلونٹ (۷) کھلوت (۸) برنی
(۹) ڈھنڈاری (۱۰) کروچ (۱۱) شیپگو (۱۲) اوتسکینچ
(۱۳) زرد (۱۴) کہرباء وغیرہ

ان میں موزاتی خاص طور پر مشہور ہے۔
کہرباء سے رس نکال کر موزاتی کے کھجور کے ساتھ
ملا کر ڈبوں میں بند کر کے ملک کے گوشے گوشے
پہنچاتے ہیں۔ جسے "اُمبی" کہتے ہیں۔ جو بہت
ہی لذیذ ہوتا ہے۔

یہاں پر پکنک گاہوں کی بہتات ہے
پنجگور میں ایک مشہور بزرگ پیر عمر جان
کا مقبرہ بھی ہے۔ جو پنجگور کے ضلعی
ہیڈ کوارٹر سے تقریباً ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
۱۰ کلومیٹر جنوب مشرق میں واقع ہے۔ پنجگور
کے علاوہ دوسرے علاقوں سے بھی لوگ زیارت
کے لئے آتے ہیں۔ یہاں ایک چشمہ بھی ہے۔ بعض
لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ پیر عمر کے کرامات کی وجہ سے

(بقیہ صد ۱۷ پر)



اشرف ارسطو بلوچ

پنجگور یا پانچ گور

پنجگور یہ ایک فارسی لفظ ہے جوکہ دو لفظوں سے مل کر بنا ہے "پنج" جس کے معنی ہیں پانچ "گور" جس کے معنی قبر کے ہیں۔ پنجگور کا نام اس لیے پنجگور رکھا گیا ہے کہ یہاں پانچ بڑے بڑے بزرگوں کے قبر (مزار) موجود ہیں۔ ان بزرگوں کو لوگ صحابہ کرام سے تشبیہ دیتے ہیں۔ انہی بزرگوں کے قبروں کی وجہ سے پنجگور کا نام پنجگور رکھا گیا ہے۔

پنجگور دراصل ایک قدیم اور پسماندہ علاقہ ہے۔ یہاں بلوچوں ہی کی آبادی ہے۔ پنجگور سرحدی علاقہ ہے۔ یہ صوبہ بلوچستان مکران ڈویژن کا ایک ضلع ہے۔ یہاں کے لوگ عراق سے آکر آباد ہوئے ہیں۔ ضلع پنجگور بارہ یونین کونسلوں پر مشتمل ھے۔ اور یہاں آبادی تقریباً چار لاکھ افراد پر مشتمل ہے۔ یہاں کے لوگ مہمان نواز ہیں اور ایک دوسرے کی دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں۔ پنجگور کے چاروں طرف اطراف پر نظر دوڑایا جائے تو آپ کو پہاڑ ہی پہاڑ نظر آئیں گے۔ اور پہاڑوں کے بیچ میں بھی لوگ آباد ہیں۔ وہ اپنے مولیشیوں اور کھیتوں سے دو وقت کی روٹی بمشکل حاصل کرتے ہیں۔ بشرطیکہ ہر سال بارش ہو۔ اگر بارش ہی نہیں ہوا تو ان کی زندگی مفلوج ہو کر رہ جاتی ھے۔ مویشی وغیرہ سب کے سب مر جاتے ہیں۔ کھیت بھی خشک ہو جاتے ہیں۔

یہاں کی سب سے بڑی پیداوار کھجور کی ہے۔ کھجور کھانے سے انسان صحت مند اور مضبوط ہوتا ہے۔ پنجگور کے ہر طرف باغات ہی باغات نظر آئیں گے۔ پنجگور میں بہت سے دریا ہیں لیکن سب سے بڑا دریا "رخشان" ہے جو کہ پنجگور کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے دریا کے دونوں طرف کھجور کے درخت اور باغات ہیں جو کہ بہت خوبصورت نظر آتے ہیں۔ صبح اور شام ان باغات کی سیر کرنا بہت ہی پر لطف اور صحت افزا ہے۔ کبھی کبھی زیادہ برسات ہونے کی وجہ سے دریا کا پانی سیلاب کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اور کئی باغات تباہ کر دیتا ہے۔ یہ سیلاب ڈیم کے نہ ہونے سے

خدا کا یہ پیغام مسلمان تک پہنچاتے ہیں ؎

مصافِ زندگی میں سیرتِ فولاد پیدا کر
شبستانِ محبت میں حریر و پرنیاں ہو جا
گزر جا بن کے سیلِ تُند رَو کوہ و بیاباں سے
گلستاں راہ میں آئے تو جوئے نغمہ خواں ہو جا

علامہ اقبال مومن کی نماز سے کئی نادر معانی اخذ کرتے ہیں۔ مومن کا قیام و سجود اس حقیقت کا آئینہ دار ہے کہ وہ ایک خدا کے حضور جھک کر دنیا کی بڑی سے بڑی طاقت کے سامنے مردانہ وار کھڑا ہو جاتا ہے

جلالِ کبریائی در قیامش — جمالِ بندگی اندر سجودش
دو گیتی را صلا از قرأت اوست — مسلماں لایموت از رکعت اوست
نداند کشتۂ این عصرِ بے سوز — قیامتہا در قد قامت اوست

مغلیہ بادشاہ شاہ عالم کے گورنر پنجاب نواب خان بہادر کی صاحبزادی شرف النساء کے متعلق مشہور ہے کہ وہ ہمیشہ کمر سے تلوار باندھے رکھتی تھی اور ہاتھ میں قرآن ہوتا تھا اور اس نے وصیت کی تھی کہ اس کی وفات کے بعد یہ دونوں چیزیں اس کی قبر پر رکھ دی جائیں۔ علامہ اقبال اپنے آسمانی سفر میں جنت الفردوس میں اسی شہزادی سے ملتے ہیں اور اس سے قرآن اور تلوار ساتھ رکھنے کی حکمت پوچھتے ہیں وہ جواب دیتی ہیں ؎

این دو قوت حافظِ یک دیگر اند — کائناتِ زندگی را محور اند
مومناں را تیغ با قرآں بس است — تربتِ ما را ہمیں ساماں بس است

اقبال خود کہتے ہیں ؎

جلالِ پادشاہی ہو کہ جمہوری تماشا ہو
جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

دین کی سربلندی کے لئے تلوار یعنی عسکری قوت لازمی ہے۔ اور تلوار کو صحیح استعمال کے لئے قرآنی تعلیمات لازمی ہیں جس کے نتیجے میں حق حکومت صرف مومنین کو حاصل ہوگا کیونکہ خداوند خود فرماتا ہے: وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ یعنی اگر تم مومن ہو تو تم ہی سب سے بڑے ہو۔ ؎

مومنی بالائے ہر بالا ترے
غیرتِ او بر نتابد (اقبال)

عالم ہے فقط مومنِ جانباز کی میراث
مومن نہیں جو صاحبِ لولاک نہیں ہے۔ (اقبال)

کلامِ اقبال سے مردِ مومن کی جو صفات سامنے آئی ہیں ان کی رُو سے ہمیں اس بھری دنیا میں کوئی مردِ مومن نظر نہیں آتا۔ جب ہماری یہ کیفیت ہے تو خود علامہ کی کیا کیفیت ہو۔ علامہ اقبال ساری عمر مردِ مومن کو تلاش کرتا رہا۔ گلی گلی، کوچہ کوچہ، صحرا صحرا دریا دریا پکارتا گیا کہ

در معرکہ بے سوزِ تو ذوقے نتواں یافت
اے بندۂ مومن تو کجائی، تو کجائی؟

جب کہیں سے جواب سنائی نہ دیا تو تھک ہار کر بیٹھ گیا اور انتہائی کرب و الم کے ساتھ پکار اُٹھا

مسلماں ہے توحید میں گرم جوش
مگر دل ابھی تک ہے زنّار پوش

(بقیہ صفحہ ۴۱ پر)

کے عنوان سے شائع ہوئی ہے ۔ علامہ کہتے ہیں ؎

آ بتاؤں تجھ کو مسلمان کی زندگی کیا ہے

یہ ہے نہایتِ اندیشہ و کمالِ جنوں

نہ اس میں عصرِ رواں کی حیا سے بیزاری

نہ اس میں عہدِ کہن کے فسانہ و فسوں

حقائقِ ابدی پر اساس ہے اس کی

یہ زندگی ہے نہیں ہے طلسمِ افلاطوں

عناصر اس کے ہیں روح القدس کا ذوقِ جمال،

عجم کا حسین طبیعت عرب کا سوزِ دروں !

لیکن جب جذبات مومن کی راہ کے کانٹے بنتے نظر آئیں تو وہ یہ کہتا ہوا آگے بڑھ جاتا ہے کہ

یہ مال و دولتِ دنیا یہ رشتہ و پیوند

بتانِ وہم و گماں لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه

اللہ تعالیٰ اپنے آپ کو احسن الخالقین کہتا ہے تو مومن بھی عملِ تخلیق اور تخلیقی کارناموں میں اپنی زندگی بسر کرتا ہے ۔ علامہ اقبال کہتے ہیں ؎

بے یقیں را لذّتِ تخلیق نیست

بے یقیں را لذّتِ تحقیق نیست

جب انسان حیوانی سطح پر زندگی بسر کرے تو وہ خون اور نسل کے اشتراک سے مختلف قبیلوں اور قوموں میں بٹ جاتا ہے ۔ لیکن جب وہ مومن کی سطح پر آجاتے تو پھر ان میں وجہ اشتراک خون اور نسل کی وحدت نہیں رہتی ۔ اخلاقی اقدار کا اشتراک (ایمانیات) وجہ جامعیت یا معیارِ قومیت قرار پاتا ہے ۔ اسی کو دو قومی نظریہ کہتے ہیں ۔ یعنی وہ لوگ جو حیوانی سطح پر زندگی بسر کریں ایک قوم کے افراد اور جو لوگ مومنانہ سطح پر زندگی بسر کریں دوسری قوم کے لوگ ہوں گے ۔ ماں باپ، زن و فرزند، عزیز و اقارب سے تعلقات معاشرتی زندگی کے تقاضے ہیں لیکن اگر اس تقاضے اور حکمِ خداوندی میں ٹکراؤ ہو تو یہ تعلقات کچھ حقیقت نہیں رکھتے ۔ مومن ان رشتوں کو بلا تامل توڑ کر ان لوگوں سے الگ ہو جاتا ہے ۔

نسل اگر مسلم کی مذہب پر مقدم ہو گئی

اُڑ گیا دنیا سے تو مانندِ خاکِ رہ گزر (اقبال)

قرآن نے جماعتِ مومنیں اور ان کے سربراہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کہا ہے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کے رفقاء کفار پر سختی کرنے والے اور آپس میں نرمی کرنے والے ہیں ۔

مومن کی ان خصوصیات کو علامہ یوں بیان کرتے ہیں

ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم

رزمِ حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

جس سے جگرِ لالہ میں ٹھنڈک ہو وہ شبنم

دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفان

بانگِ درا کی مشہور نظم "طلوعِ اسلام" میں وہ

اس طرح مومن کے ارادے اور فیصلے خدا
کے مقاصد کے پہنچانے اور ناپنے کا مقیاس اور ترازو بن
جاتے ہیں۔ جنگِ بدر کے بارے میں خداوند تعالےٰ
نے کہا تھا کہ تم تلواریں نہیں مار رہے تھے، ہم مار رہے
تھے، تم تیر نہیں چلا رہے تھے ہم چلا رہے تھے۔ اسی طرح
خدا کی مرضی تمہارے ہاتھوں پوری ہو رہی تھی۔ اسی طرف
علامہ اقبال اشارہ کرتے ہوئے "جاوید نامہ" میں
کہتے ہیں ؎ عزمِ او خلاق تقدیرِ حق است

روزِ ہیجا تیرِ او تیرِ حق است

ذرا شوخ انداز میں یوں کہتے ہیں

کافر ہے تو تابع تقدیر مسلمان

مومن ہے تو وہ آپ ہے تقدیرِ الٰہی

تقدیر کے ہاتھوں رونے والے مسلمانوں کو وہ
جھنجھوڑ کر کہتے ہیں

ترے دریا میں طوفاں کیوں نہیں ہے

خودی تیری مسلماں کیوں نہیں ہے

عبث ہے شکوۂ تقدیرِ یزداں

تو خود تقدیرِ یزداں کیوں نہیں ہے

جب مومن اس طرح تقدیرِ یزداں بن جاتا ہے
تو پھر زمانے کی تقدیروں کو بدل دیتا ہے۔
تاریخ کے دھارے کا رُخ موڑ دیتا ہے، اقوامِ عالم کی
بساط الٹ دیتا ہے، رنگِ کائنات تبدیل کر دیتا ہے
مردِ مومن جب اپنے ارادوں کو خدا کے ارادوں کے
تابع کر دیتا ہے تو یہ کچھ بن جاتا ہے۔

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

یہ ہے مطلب علامہ اقبال کے یہ کہنے کا کہ

قدرت کے مقاصد کا عیار اس کے ارادے

یہ تو رہا دنیا کا معاملہ۔

اگر کوئی یہ دیکھنا چاہے کہ اس کے اعمال اسے جنت
کے مستحق بنا دیں گے یا نہیں تو اس کا آسان طریقہ یہ ہے
کہ وہ مومن کے اعمال نامے کو سامنے رکھ کر دیکھ لے کہ
اس کے اعمال اس پیمانے پر پورے اترتے ہیں یا نہیں۔
اس لئے کہ مومن کی خصوصیت یہ ہے کہ دنیا میں بھی میزان
قیامت میں بھی میزان

عموماً عقل اور جذبات کو دو متضاد عناصر خیال
کیا جاتا ہے جن میں ہمیشہ کشمکش رہتی ہے۔ اور جب
جذبات عقل پر غالب آتے ہیں تو انسان تباہ ہو جاتا
ہے۔ قرآن کریم عقل اور جذبات دونوں کو اہمیت دیتا
ہے۔ وہ کہتا ہے کہ جذبات کو سرکش اور بے باک
نہیں ہونے دینا چاہئے انہیں ہمیشہ ہدایتِ خداوندی
کے تابع رکھنا چاہئے تاکہ تعمیری نتیجہ پیدا ہو سکے۔

مومن میں عقل و جذبات دونوں اپنی انتہائی
شکل میں موجود ہوتے ہیں۔ لیکن وہ ان دونوں کو
ہدایتِ خداوندی کے تابع رکھتا ہے۔ اس پس منظر
میں اس نظم کو سامنے لائیے جو "ضربِ کلیم" میں مدنیتِ اسلام

آجاتی ہے لہٰذا مردِ مؤمن علم ویقین، فکر وایمان، عقل وجنون اور خبر ونظر کا حسین امتزاج ہوتا ہے۔ علامہ اقبال اس کے بارے میں کہتے

ہر لحظہ ہے مؤمن کی نئی شان نئی آن
گفتار میں کردار میں اللہ کی بُرھان

قہّاری وغفّاری وقدّوسی وجبروت
یہ چار عناصر ہوں تو بنتا ہے مسلمان

قدرت کے مقاصد کا عیار اس کے ارادے
دنیا میں بھی میزان قیامت میں بھی میزان

ان اشعار میں دو باتیں غور طلب ہیں۔ مومن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ گفتار میں کردار میں اللہ کی برہان، تو اس سے کیا مراد ہے؟ یہ حقیقت ہے کہ ہر مخلوق اپنے خالق کے جوہر کی تخلیق کی زندہ شہادت ہوتی ہے۔ مونا لیزا کے سحر آفریں تبسّم کا تیر بے کمان لیونارڈو کے عظیم فن کار ہونے کی دلیل اور شہادت ہے۔ خدا نے اپنی مخلوق میں سے انسان کے متعلق کہا ہے کہ اسے احسنِ تقویم میں پیدا کیا گیا ہے۔ اس سے مراد انسانی جسم کی رعنائی اور زیبائی نہیں ہے کیونکہ اس کے فوراً بعد کہا گیا کہ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ۔ وہ اپنے بے باک جذبات میں بہہ کر پست ترین درجہ پر پہنچ جاتا ہے۔ لیکن مومن پستی کے اس گڑھے میں گرنے کی بجائے انسانی حیثیت کے بلند ترین اور حسین ترین مقام پر پہنچ جاتا ہے۔ مومن کی ہر حرکت خدا کے احسن الخالقین ہونے کی شہادت ہوتی ہے۔ اس کے کردار کو دیکھ کر ہر شخص بے ساختہ پکار اٹھتا ہے کہ جس ہستی کا تخلیقی شاہکار ایسا ہے اس کے بے مثل و بے نظیر ہونے میں کوئی شک نہیں اسلئے مؤمن گفتار میں کردار میں اللہ کی بُرہان بن جاتا ہے۔

دوسری بات یہ بتائی گئی کہ قدرت کے مقاصد کا عیار اس کے ارادے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی نے یہ معلوم کرنا ہو کہ فلاں معاملہ میں خدا کی مشیت اور ارادہ کیا ہے، وہ اس معاملہ میں کیا کرنا چاہتا ہے، تو اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ وہ معلوم کرے کہ اس معاملہ میں مردِ مومن کا فیصلہ اور ارادہ کیا ہے اس موقعہ پر جو فیصلہ مردِ مؤمن کا ہو سمجھ لیجئے کہ وہی خدا کی مرضی ہے۔ خدا بھی ایسا ہی کرنا چاہتا ہے، اس لئے کہ مؤمنین کے بارے میں خدا بتاتا ہے کہ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ۔ یعنی وہ وہی چاہتے ہیں جو خدا چاہتا ہے۔ یعنی ان کا چاہنا خدا کا چاہنا ہے۔ اسی حقیقت کو علامہ اقبال نے اپنے ایک شعر میں بیان کرتے ہیں، جسے ہر ایک دہراتا ہے لیکن اسے سمجھتے بہت کم لوگ ہیں ؎

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

یا: چون فنا اندر رضائے حق شود ؛ بندۂ مومن قضائے حق شود

اس کا مقصد یہ ہے کہ انسانی دنیا میں خدا نے جس قدر ذمہ داریاں اپنے اوپر لے رکھی ہیں وہ خدا کی اس پارٹی (جماعتِ مومنین) کے ہاتھوں سرانجام پاتی ہیں۔ مثلاً اس جماعتِ مومنین کی مدینہ میں اپنی مملکت قائم ہوئی لیکن مکہ میں ابھی تک ایسے مسلمان تھے جو پھنس کر رہ گئے تھے اور کفار انھیں طرح طرح کی اذیتیں دیتے تھے۔ یہ لوگ اپنی انتہائی مظلومیت کی حالت میں خدا کو مدد کے لئے پکارتے تھے۔ خدا قادرِ مطلق ہے اس کے لئے کچھ بھی مشکل نہ تھا کہ ان ستم زدگان کی براہِ راست مدد کر کے انہیں وہاں سے نکال لیتا۔ لیکن اس نے خود ایسا نہیں کیا۔ اس نے اپنی پارٹی (مومنینِ مدینہ) سے کہا کہ

ترجمہ: (اے ہماری پارٹی کے لوگو!) تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم ظالمینِ مکہ کے خلاف جنگ کے لئے نہیں نکلتے تم سنتے نہیں کہ وہاں کے مظلوم مرد عورتیں اور بچے کس طرح بلک بلک کر ہمیں پکار رہے ہیں اور فریاد کر رہے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے بحفاظت نکال لینے کا بندوبست کر دے جس کے باشندوں نے ظلم پر کمر باندھ رکھی ہے۔ تو ہمارے لئے کوئی مددگار بھیج! تو کسی کو ہمارا پشت پناہ بنا۔"

غور فرمایئے کہ وہ لوگ خدا کو مدد کے لئے پکار رہے تھے۔ اور خدا حزب اللہ یعنی اپنی پارٹی سے کہہ رہا تھا کہ تم ان کی مدد کے لئے کیوں نہیں اٹھتے! تاریخ گواہ ہے کہ وہ ان کی مدد کے لئے اٹھے۔ اور دشمنوں کو میدانِ جنگ میں موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اس جنگ کا ذکر کرتے ہوئے بعد میں خداوند تعالیٰ نے کہا فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ یعنی ان کو تم قتل نہیں کر رہے تھے ہم قتل کر رہے تھے۔ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى یعنی تیر تم نہیں چلا رہے تھے ہم چلا رہے تھے۔ اور یہ اس لئے کہ کائنات کے خدائی پروگرام اس کے (مومنین کے) ہاتھوں تکمیل تک پہنچیں۔

علامہ اقبال کہتے ہیں:

ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ
غالب و کار آفریں، کار کشا، کارساز
خاکی و نوری نہاد بندۂ مولا صفات
ہر دو جہاں سے غنی، اس کا دل بے نیاز
اس کی امیدیں قلیل، اس کے مقاصد جلیل
اس کی ادا دل فریب، اس کی نگہ دل نواز
نرم دمِ گفتگو، گرم دمِ جستجو
رزم ہو یا بزم ہو پاک دل و پاک باز
نقطۂ پرکارِ حق مردِ خدا کا یقین
اور یہ عالم تمام وہم و طلسم و مجاز
عقل کی منزل ہے وہ عشق کا حاصل ہے وہ
حلقۂ آفاق میں گرمیِ محفل ہے وہ

(نظم مسجدِ قرطبہ)

مومن کی ذات متضاد صفات کا مجموعہ ہوتی ہے جن میں سے ہر صفت اپنے اپنے وقت پر ابھر کر سامنے

گوشوں کی جھلک سامنے آتی ہے۔ انسانی دنیا میں انہی کو مستقل اقدار کہا جاتا ہے۔ ان میں سے کچھ صفات تو ایسی ہیں جو ذاتِ باری تعالےٰ کے لئے خاص ہیں۔ مثلاً هُوَالْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ یعنی اس کا زمان و مکان کی حدود سے ماوراء ہونا۔ یا فاطر السمٰوٰت والارض کائنات کو عدم سے وجود میں لانے والا۔ اس قسم کی صفات کے سوا خداوند تعالیٰ کی باقی صفات ایسی ہیں جنہیں انسان علیٰ حدِّ بشریت اپنی ذات میں منعکس کر سکتا ہے۔ قرآن انہیں صبغۃ اللہ یعنی اللہ کا رنگ کہہ کر پکارتا ہے۔ جوں جوں انسان ان صفاتِ خداوندی کو اپنی ذات میں منعکس کرتا جاتا ہے اس کی روح یا ذات یا خودی کی نشوونما اور تعمیر ہو جاتی ہے۔ اور وہ بندۂ مولا صفات بنتا چلا جاتا ہے۔

ہمارے ہاں جب مؤمنین کی خصوصیات کا ذکر ہوتا ہے تو اس کے لئے عام طور پر چند اخلاقی خوبیاں گنا دی جاتی ہیں مثلاً وہ جھوٹ نہیں بولتے، بد دیانتی نہیں کرتے وغیرہ وغیرہ۔ یہ ٹھیک ہے مؤمنین اِن خوبیوں کے حامل ضرور ہوتے ہیں لیکن جس میدان میں مومن دوسرے نیک لوگوں سے منفرد ہوتے ہیں۔ وہ اور ہے۔ اور وہ خصوصیت یہ ہے کہ جب خارجی دنیا میں کوئی واقعہ ظہور میں آئے تو اس وقت جس صفتِ خداوندی کو ظہور میں آنا ہو مومن کی طرف سے اسی صفت کا ظہور ہو۔ یعنی ہر واقعہ پر اس کا ردِ عمل وہی ہو جو اس کے خدا کا ردِ عمل ہو۔ گرفت کے موقع پر گرفت، رحم کے موقع پر رحم، وہ ظالم کے لئے نہایت سخت گیر ہو اور مظلوم کے لئے رحیم و کریم۔ پھوڑے کے فاسد مواد کو نکالنے کے لئے نشتر بنے تو زخموں کو مندمل کرنے کے لئے مرہم کا کام دے۔

اس تمہید سے یہ حقیقت سامنے آگئی ہوگی کہ قرآن کریم نے ذاتِ خداوندی کی صفات اور مختلف مواقع پر ان کے ظہور کی جو تفاصیل بیان کی ہیں وہ در اصل حدودِ بشریت کے اندر مؤمن کی خصوصیات کا تذکرہ ہے۔ بالفاظِ دیگر قرآن کریم کی ساری تعلیم کا منتہیٰ و مقصود یہ بتانا ہے کہ ایک انسان کس طرح مومن بنتا ہے۔ اور مومن کی زندگی سے کس کس قسم کی خصوصیات کی نمود ہوتی ہے۔ اسی طرح علامہ اقبال بھی قرآنی طریقہ سے مؤمن کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو سامنے لاتا ہے کیونکہ علامہ اقبال نے بارہا یہ کہا ہے کہ ان کا کلام قرآن کے پیغام کی تشریح ہے۔

محمدؐ بھی ترا جبریل بھی قرآن بھی تیرا
مگر یہ حرفِ شیریں ترجماں تیرا ہے یا میرا

یہاں یہ اہم سوال سامنے آتا ہے کہ ارتقاء کے اس عظیم نظام کا مقصد افراد کی خودی کی نشوونما اور تعمیر ہے یا انسان نظامِ کائنات کے خدائی پروگرام میں کوئی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ قرآن بتاتا ہے کہ یہ در حقیقت خدائی پروگرام کی تکمیل کے سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے وہ مومنین کو حزب اللہ یعنی خدا کی پارٹی کہہ کر پکارتا ہے،

نہیں ۔ اس میں ایک اور چیز بھی ہے جسے روح ، ذات ، نفس یا خودی کہہ کر پکارا جاتا ہے ۔ انسانی جسم کی نشوونما دوسرے حیوانات کی طرح طبعی قوانین کی رُو سے ہوتی ہے، لیکن انسانی ذات کی نشوونما ان غیر متبدّل اقدار کی رُو سے ہوتی ہے جو پیغمبروں کو وحی کے ذریعہ ملتی رہتی ہیں۔ اور جو اب قرآنِ حکیم اور احادیث میں محفوظ ہیں۔ انسانی جسم کی نشوونما کیسے ہی لطیف و نفیس انداز میں کیوں نہ ہو وہ انسانی جسم ہی کہلاتا ہے ارتقاء کی اگلی منزل میں نہیں پہنچتا۔ لیکن جب انسانی ذات کی نشوونما نیکیوں سے ہو تو وہ ارتقاء کی اگلی اور بلند منزل میں پہنچ جاتی ہے ۔ پھر موت سے انسان کا جسم تو پیوندِ خاک ہو کر ختم ہو جاتا ہے لیکن اس کی روح یا ذات کا کچھ نہیں بگڑتا ۔ وہ زندگی کی مزید ارتقائی منازل طے کرنے کے لئے آگے بڑھ جاتی ہے ۔

پرے ہے چرخِ نیلی فام سے منزل مسلماں کی ،
ستارے جس کی گردِ راہ ہوں وہ کارواں تو ہے

قرآن کریم کی رُو سے تو جنّت بھی مومن کے سفرِ حیات کی آخری منزل نہیں راستے میں ستانے اور دم لیکر آگے چلنے کا مقام ہے۔ حیات کا روان نے اس کے بعد بھی کئی ارتقائی منازل طے کرنی ہیں ۔ قرآن میں ہے کہ جنتیوں کی دُعا یہ ہوگی : ترجمہ " اے ہمارے پروردگار ہمارے نور کی تکمیل کردے "۔

اس نورانی سفر کی آخری منزل کونسی ہوگی ۔ اس کے متعلق کچھ نہیں بتایا گیا۔ اس لئے کہ ہمارے شعور کی موجودہ سطح پر یہ حقیقت ہماری سمجھ سے بالاتر ہے ۔ اس کی سمت کا اشارہ کرتے ہوئے اتنا کہا گیا ہے کہ وَاِنَّ اِلٰی رَبِّكَ الْمُنْتَهٰی یعنی اس سفر کا منتہیٰ تیرے رب کی طرف ہے ۔

چناں باذاتِ حق خلوت گزینی ترا او بیند و او را تو بینی
بخود محکم گذار اندر حضورش مشو ناپید اندر بحرِ نورش

جس انسان میں اس کی روح یا ذات کی نشوونما شروع ہو جائے اسے قرآن کی اصطلاح میں مومن کہا جاتا ہے۔ اسلامی نظامِ زندگی کا مقصد انسان کو مومن بنانا ہے۔ قرآن حکیم وہ ضابطۂ حیات یا پروگرام عطا کرتا ہے جس کی رُو سے انسان مومن بن سکتا ہے ۔

قرآن کی رُو سے حسنات (نیکیاں) وہ اعمال ہیں جن سے انسانی روح یا ذات یا خودی کی نشوونما اور تعمیر ہوتی ہے اور سیّئات (گناہ) وہ اعمال ہیں جن سے اسکی تخریب ہوتی ہے۔ یعنی انسانی روح کی نشوونما مستقل اقدار کے مطابق زندگی بسر کرنے سے ہوتی ہے ۔ لہٰذا ان اقدار کی اصل حقیقت کا سمجھ لینا نہایت ضروری ہے ۔ قرآن کریم نے ذاتِ باری تعالےٰ کا تعارف اسکی صفات کی رُو سے کرایا ہے جنہیں "الاسماء الحسنیٰ" کہہ کر پکارا جاتا ہے ۔ ان اسماء یا صفات کی رُو سے ذاتِ خداوندی کے مختلف گوشوں کی

شبیر احمد بلوچ لیکچرار شعبہ اردو

اقبال کا مردِ مؤمن

قرآن حکیم کا اگر غور سے مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت سامنے آئے گی کہ اس میں مختلف پہلوؤں اور متنوع گوشوں سے مردانِ مومن کی خصوصیات و کیفیات کا تذکرہ ہے۔ اور علومِ اقبال کا پیغام بھی چونکہ حقائقِ قرآنی کا ہی ترجمان ہے، اس لئے کلامِ اقبال میں بھی مومن کی صفات و تجلیات کو پہلو بدل بدل کر بیان کیا گیا ہے۔ اکثر مقامات پر وہ پھول کی بکھری پتیوں کی طرح فرداً فرداً سامنے آتی ہیں۔ اور کہیں انھیں گلدستے کی طرح جامع کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے۔ ایسے مقامات میں سے ایک مثال ملاحظہ ہو تا کہ اقبال کے مردِ مومن کی ایک جھلک بیک نظر آپ کے سامنے آجائے۔ وہ اپنی سب سے پہلی تصنیف "مثنوی اسرار و رموز" میں سورۃ اخلاص کی آیت وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ کی شرح کرتے ہوئے کہتے ہیں:

رشتہ با لم یکن باید قوی
تا تو در اقوام بے ہمتا شوی

آنکہ ذاتش واحد است و لاشریک
بندہ اش ہم در نسازد با شریک

مومنِ بالائے ہر بالا ترے
غیرتِ او بر نتابد ہمسرے

پیشِ باطل تیغ و پیشِ حق سپر
امر و نہیِ او عیارِ خیر و شر

عفو و عدل و بذل و احسانش عظیم
ہم بقہر اندر مزاجِ او کریم

سازِ او در بزمہا خاطر نواز
سوزِ او در رزمہا آہن گداز

زیر گردون می نیاساید دلش
بر فلک گیرد قرار آب و گلش

مغربی محققین نے کافی تحقیق کے بعد دعویٰ کیا ہے کہ انسانی اور حیوانی زندگی میں کوئی فرق نہیں۔ مغربی نظریہ کی رُو سے انسانی زندگی محض طبعی زندگی ہے۔ جو دیگر حیوانات کی طرح طبعی قوانینِ فطرت کے تابع رہتی ہے۔ اس زندگی میں طبعی قوانین سے ماوراء یا بلند کوئی اور قانون نہیں ہے۔ اقبال کہتے ہیں:

در نگاہش آدمی آب و گل است
کاروانِ زندگی بے منزل است

لیکن قرآن کہتا ہے کہ انسانی زندگی صرف اس طبعی جسم سے عبارت

مثلاً سورہ بقرہ آیت نمبر ۴۹، سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۱، سورۃ الاعراف رکوع نمبر ۱۳ تا ۲۱ آیت نمبر ۱۰۳ میں حضرت موسیٰؑ، فرعون اور بنی اسرائیل کا تفصیلی ذکر ہے۔ سورۃ الانفال آیت نمبر ۵۲ تا ۵۴، سورہ یونس آیت نمبر ۷۵ تا ۹۲، سورہ ہود آیت نمبر ۹۷، سورہ ابراھیم آیت نمبر ۶، سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۱۰۱ تا ۱۰۴، سورہ طٰہٰ آیت نمبر ۲۴ تا ۱۰۹ میں حضرت موسیٰؑ، فرعون اور بنی اسرائیل کا تفصیلی ذکر ہے۔ سورۃ المؤمنون آیت نمبر ۴۶، سورۃ الشعراء آیت نمبر ۱۱ تا ۶۶، سورہ نمل آیت نمبر ۱۲، سورۃ القصص آیت نمبر ۳ تا ۴۰، سورۃ العنکبوت آیت نمبر ۳۹، سورۃ المؤمن آیت نمبر ۲۴ تا ۳۷ میں بھی انہی کا ذکر ملتا ہے۔

قرآن مجید فرعون کی اُس نیک بیوی کا ذکر بھی کرتا ہے جو اس کے بُرے کاموں میں شریک نہ تھی۔ اور اللہ تعالیٰ نے مومنوں کیلئے ایک مثال فرعون کی بیوی کی بیان فرمائی کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں گزارش کی "اے میرے رب! میرے لئے جنت میں ایک گھر بنا اور مجھے فرعون اور اس کے اعمال سے نجات عطا کر اور ظالم لوگوں سے مجھے نجات دے" (سورہ مریم)

اس وقت کا مصری مذہب

قدیم اقوام عالم کی طرح مصری بھی شرک والحاد، بُت پرستی اور ستارہ پرستی میں مبتلا تھے۔ الگ الگ قوتوں اور الگ الگ حاجتوں کے الگ الگ دیوتا تھے۔

۱۔ روح پیدا کرنے والی دیوی کا نام "ایبزز" تھا۔
۲۔ جسم بنانے والا دیوتا نام "کینمو" تھا۔
۳۔ عمر مقرر کرنے والا دیوتا کا نام "طوط" تھا۔
۴۔ درد وغم دور کرانے والا دیوتا کا نام "ہوراس" تھا
۵۔ رزق بخشنے والا " " " "جا ثور" تھا۔
۶۔ عالم آخرت کا دیوتا "روزیرس" تھا۔
۷۔ آسمان کا دیوتا "میداودت" تھا۔
۸۔ سب سے بڑا دیوتا سورج تھا جسکو "آمن راع" کہتے تھے۔ بادشاہِ وقت (فرعون) کو اس دیوتا کا اوتار اور بیٹا سمجھا جاتا تھا۔ اس لئے اُس کا لقب فارع یا فرعون تھا۔

حوالہ محفل انبیاء صفحہ ۱۴۰

نوٹ: حضرت موسیٰؑ ۱۵۲۰ قبل مسیح پیدا ہوئے اور ۱۴۰۰ قبل مسیح وفات ہوئے عمر ۱۲۰ سال رہا۔ (محفل انبیاء)

(بقیہ پنجگور یا پانچ گور)

نکلا ہے جو کہ ابھی تک موجود ہے۔ پیر عمر جان کے مقبرے کے اردگرد چند گھرانے آباد ہیں جو کہ پیر عمر جان کے مقبرے کی نگہبانی کرتے ہیں۔

یہاں کے لوگ سخت محنتی ہیں۔ جن کا پیشہ زمینداری ہے۔ کاریزات بھی کافی ہیں۔ جنہوں نے ضلع کی خوبصورتی کو چار چاند لگایا ہے ہر جگہ انگور انار، سیب کے باغات کافی تعداد میں نظر آتے ہیں۔ انگور اور انار مکران کے دوسرے ضلعوں کو بھیجی جاتی ہے۔

بعد کے آنیوالوں کیلئے نشانی (عبرت) بنے رہے ،،
چنانچہ اس کی لاش سطح سمندر پر آ گئی اور کنارے سے لگ گئی اور اسے حَنُوط کر کے مصر کے اہرام (دار الآثار) میں محفوظ کر دیا گیا۔

قاہرہ کے عجائب گھر میں فرعون رعمسیس (RAMAsis) دوم اور اسکا بیٹا فرعون منفتاح دونوں کی لاشیں حنوط شدہ ممیوں کی صورت میں آج بھی موجود ہیں۔

ڈاکٹر غلام جیلانی مصنف کتاب (،، دو قرآن ،، اور کتب کثیرہ) نے اپنے ایک مضمون میں "فرعونِ موسیٰؑ کی لاش ،، مطبوعہ ماہنامہ میثاق لاہور (مارچ اپریل ۱۹۷۸ء کا شمارہ۔ صاحب تفہیم القرآن کے خط مکتوبہ ۲۰ نومبر ۱۹۷۶ء کے حوالے سے فرعونِ موسیٰؑ کی لاش کے متعلق حقائق کا انکشاف کرتے ہیں مولانا مودودی اپنے خط میں لکھتے ہیں کہ "غرق شدہ فرعون کے بارے میں زیادہ تر معلومات مجھے Laws golding کے سفر نامہ on The steps of The lawzire سے حاصل ہوئی ہے۔ لوئیس گولڈنگ اپنے تحقیقاتی سفرنامے میں لکھتے ہیں کہ رعمسیس (RAMAsis) دوم وہ فرعون تھا جس کے زمانے میں حضرت موسیٰؑ پیدا ہوئے اور بنی اسرائیل پر اسی فرعون نے مظالم کئے تھے۔ اسی نے لڑکوں کے قتل کرنے اور لڑکیوں کے زندہ رہنے کا حکم دیا تھا۔ اس لئے اس کو Pharaoh of Persecution فرعونِ عقوبت کہا جاتا ہے اور جس فرعون کے زمانے میں حضرت موسیٰؑ پیغمبر بنا کر بھیجے گئے تھے اور جو فرعون سمندر میں غرق ہوا تھا وہ رعمسیس کا بیٹا منفتاح Menefi Tah تھا۔

برٹانیکا انسائیکلوپیڈیا کے مضمون ممّی "Mommy" میں ذکر ھے کہ ۱۹۰۶ء میں ایک انگریز ماہر آثار قدیمہ سر گرافٹن سمتھ نے ممیوں کو کھول کر ان کے حنوط کی تحقیقات شروع کی تھی اور چوالیس ۴۴ ممیوں کا مشاہدہ کیا تھا گولڈنگ اپنے سفرنامہ میں لکھتا ہے کہ ۱۹۰۷ء میں منفتاح کی ممّی ملی اسکی پٹّیاں کھولی گئیں تو سب حاضرین یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ اس کے جسم پر نمک کی ایک تہہ جمی ہوئی تھی۔ جو کسی اور ممّی کے جسم پر نہ پائی گئی گولڈنگ مزید لکھتا ہے کہ فرعون (منفتاح) بحیرہ مُرّہ یعنی کڑوے پانی کی وہ جھیل میں جو بحیرہ احمر اور بحیرہ قلزم کے مابین واقع تھیں ڈوب گئی۔ اب یہ جگہ نہر سویز کا حصہ بن گئی ہے۔

آگے مزید لکھتا ہے کہ جزیرہ نمائے سینا کے مغربی ساحل پر ایک پہاڑی "جبل فرعون" کے نام سے مشہور ہے اس پہاڑی کے نیچے ایک غار میں گرم پانی کا ایک چشمہ ہے جسے "حمّام فرعون" کہا جاتا ہے۔ اور سینہ بہ سینہ روایات کے مطابق فرعون کی لاش اسی جگہ ملی تھی۔

قرآنِ مجید نے فرعون و حضرت موسیٰؑ کے حالات کو مختلف مقامات پر بیان کیا ہے۔

اس کی تائید بائیبل اور تلمود کے اس متفقہ بیان سے ہوتی ہے کہ حضرت موسیٰؑ کے زمانہء قیام مدین میں وہ فرعون مر چکا تھا جس کے ہاں انہوں نے پرورش پائی تھی۔ حضرت موسیٰؑ اس کے محل میں ۴۰ برس رہے تھے۔ جب ایک قبطی اس کے مُکّے سے ہلاک ہو گیا۔ تو آپ مدین چلے گئے وہاں جاکر حضرت شعیب کے ہاں رہے اور ان کی ایک بیٹی صفورہؓ سے حضرت موسیٰؑ کی شادی ہوئی۔ وہیں آپ نے وادیٔ ایمن میں اللہ تعالیٰ سے کلام کیا۔ اور آپ کو فرعون کے ہاں جانے کا حکم ملا۔

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى۔

جب حضرت موسیٰؑ مصر میں داخل ہوئے تو رعمسیس (RAMASIS) ثانی کا بیٹا منفتاح اس کا جانشین بادشاہ تھا۔ اور یہ دوسرا فرعون تھا جس سے حضرت موسیٰؑ کو واسطہ پڑا تھا۔ اسی نے حضرت موسیٰؑ کا تعاقب کیا تھا۔ حضرت موسیٰؑ اور اسکی قوم کیلئے اللہ تعالےٰ کے حکم سے سمندر میں راستہ بنا تھا اور فرعون اپنی لشکر سمیت غرق ہوا تھا۔

علامہ جوہری طنطاوی مصری اپنی تفسیر جواہر القرآن کی جلد نمبر ۶ میں لکھتا ہے کہ حضرت موسیٰؑ کا واسطہ دو فرعونوں سے پڑا تھا۔ اور صاحب تفہیم القرآن مولانا مودودیؒ نے سورۃ الاعراف کی تفسیر میں بھی دو فرعونوں کا ذکر کیا ہے۔

قرآن مجید نے حضرت موسیٰؑ کے واقعات میں فرعون کیلئے "اِنَّهٗ طَغٰى" یعنی سرکش باغی اور سورہ فجر آیت نمبر ۱۰ میں "وَفِرْعَوْنَ ذِى الْاَوْتَادِ" کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔

قرآن مجید میں واضح طور پر بتایا گیا ہے کہ حضرت موسیٰؑ کے ہمراہ اسکی قوم بنی اسرائیل بحفاظت نکل گئے اور فرعونِ مصر منفتاح جو ان کے تعاقب میں تھا اپنی فوج کے ہمراہ بحیرہ قلزم میں غرق ہو گیا۔ یہ فرعون اپنے باپ کا تیرھواں بیٹا تھا۔ اور ۲۵ سال تک حکمران رہا۔

حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ جب فرعون کے دربار میں پہنچے واضح رہے کہ رعمسس (RAMASIS) دوم جس نے حضرت موسیٰؑ کی پرورش کی تھی اس دوران مر چکا تھا۔ اور اس کے ڈیڑھ سو اولادوں میں تیرھواں بیٹا مِنفتاح بر سرِ اقتدار تھا۔

قرآنِ مجید میں فرعون منفتاح کے غرق ہونے کا نقشہ اس انداز میں بیان ہوا ہے۔ یہاں تک کہ جب ڈوبنے لگا تو بولا میں نے یقین کر لیا کہ کوئی معبود نہیں سوائے اس کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں بھی فرمانبرداروں میں سے ہوں۔"

سورہ یونس آیت نمبر ۹۰۔

لیکن غرق ہونے کے وقت ایمان لانے کی یہ صورت اس کے کسی کام میں نہ آئی اور البتہ اللہ تعالیٰ نے اس کے بدن ڈوبنے سے بچایا۔

سورہ یونس آیت نمبر ۹۲ میں ارشاد ہے:

"آج ہم تیرے بدن کو بچائے دیتے ہیں تاکہ تو اپنے



غلام فاروق سیکنڈ ایئر سائنس گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور

فرعون کون؟

"فرعون" قدیم زمانے میں مصر کے بادشاہوں کا لقب

علامہ زمخشری نے اپنی تفسیر "الکشاف" میں لکھا ہے کہ جسطرح روم کے بادشاہ قیصر، ایران کے بادشاہ کسریٰ، حبشہ کے بادشاہ نجاشی اور ترکوں کے بادشاہ خاقان کہلاتے تھے اسی طرح مصر کے بادشاہوں کو فرعون کہا جاتا تھا۔ صاحب تفہیم القرآن لفظ فرعون کے معنی سورج، دیوتا کی اولاد قدیم اہل مصر سورج کو جو اُن کا مہا دیوتا یا ربِ اعلیٰ تھا "رع" کہتے تھے۔ اس لیے بادشاہ کا لقب "فارع" تھا۔ یہی فارع عبرانی زبان میں "فارعو" اور عربی میں فرعون ہو گیا۔

قرآن مجید میں حضرت موسیٰؑ کے دور سے متعلق دو بادشاہوں کا ذکر ملتا ہے۔ جو فرعون کہلاتے تھے۔ تفسیر فتح البیان میں سورہ بقرہ کی تفسیر کے ذیل میں درج ہے۔ بقولِ اہل کتاب حضرت موسیٰؑ کے عہد کے فرعون کا نام قابوس تھا۔ مگر بقول وھب اس کا نام ولید بن مُصعب بن الریان تھا۔ اس کی عمر چار سو برس تھی۔ اور حضرت موسیٰؑ کی عمر ۱۴۰ برس تھی۔ بائیبل میں مصر کے گیارہ بادشاہوں کا ذکر ہے۔ مثلاً فرعونِ ابراھیمؑ۔ فرعون یوسفؑ۔ اور فرعونِ موسیٰؑ وغیرہ۔

امریکن انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا نیز تفسیر حقانی کے مطابق مصر کے بادشاہوں کے تیس (۳۱) خاندان تھے۔ جو ساڑھے تین ہزار سال تک برسرِ اقتدار رہے اور ان کی تعداد تین سو کے قریب تھی۔ قرآنِ مجید میں حضرت موسیٰؑ کے واقعات میں جس فرعون کا ذکر ہے وہ انیسویں خاندان اور تیسرے دور کا فرعون ہے۔ اس خاندان کی حکومت کا آغاز ۱۳۵۰ ق م کے بعد رعمسیس (RAMASis) اوّل سے ہوا۔ اس خاندان کا تیسرا فرعون رعمسلیس ثانی (RAMASLis) تھا۔ اسکی حکومت کا آغاز ۱۳۲۰ ق م سے ہوا۔ گو وہ باپ کے بڑھاپے کی وجہ سے عملاً پہلے سے ہی حکمران تھا اسکی حکومت ۶۷ برس تک رہی۔ جس فرعون کے گھر حضرت موسیٰؑ کی پرورش ہوئی وہ رعمسلیس (RAMASLis) ثانی تھا۔ اور جس کا حضرت موسیٰؑ سے مقابلہ ہوا وہ منفتہ یا منفتاح تھا۔

کے ناقہ کی مہار حضرت بلالؓ ہی نے تھام رکھی تھی غزوات کے موقع پر آنحضرتؐ کے حکم سے حضرت بلالؓ مدینہ طیبہ کے گلی کوچوں میں جہاد کا اعلان کرتے اور صحابہ کرام مناسب تیاری شروع کر دیتے جب بیت المال قائم ہوا تو حضرت بلالؓ ہی اس کے اوّلین نگران مقرر ہوئے اذان کے علاوہ نماز کے آغاز میں اقامت بھی بلالؓ ہی پڑھا کرتے۔ جب سے حضرت بلالؓ نے اقامت کی ذمہ داری قبول کی تھی زندگی میں صرف ایک مرتبہ مسجد نبوی میں حضرت بلالؓ سے اقامت چھوٹ گئی تھی۔ اور زندگی میں صرف ایک رات تہجد کی نماز قضا ہوئی ۲ہجری میں مسجد نبوی تعمیر ہوئی اور نماز پنجگانہ کے لئے مستقل مرکز بنی لوگوں کو نماز کی خاطر جمع کرنے کیلئے حضرت عمرؓ نے تجویز پیش کی کہ نماز کے وقت کوئی شخص نمازیوں کو مسجد میں جمع ہونے کے لئے پکارے۔ تو آنحضرتؐ نے تجویز مان لی اور حضرت بلالؓ کو فرمایا کہ ہر نماز سے پہلے صحن مسجد سے اَلصَّلٰوۃُ جَامِعَۃ پکارا کریں۔ بعد میں حضرت عبداللہ بن زیدؓ نے خواب میں دیکھا کہ کسی نے آپؐ کو اذان کے کلمات سکھائے۔ اس نے صبح صادق کے وقت آکر اپنے خواب کا ذکر آنحضرتؐ سے کیا تو آپؐ نے فورًا بلالؓ کو بلوایا اور یہ کلمات یاد کرنے کے بعد آنحضرتؐ کے حجرہ کے سامنے کھڑے ہو کر تاریخ اسلام کی اوّلین اذان اپنے مخصوص لحن میں پڑھی۔ اس روز سے حضرت بلالؓ کی اذانوں کا سلسلہ شروع ہوا۔

فجر کی اذان میں اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم بلالؓ ہی کی زبان مبارک سے نکلا تھا جس کو حضورؐ نے پسند فرما کر اذان میں شامل کر دیا۔ اذانِ بلالؓ کا یہ شبانہ روز زمزمہ وصال نبویؐ تک مدینہ میں بلند رہا۔ حضورؐ کو آغوشِ لحد میں آسودہ کیا گیا تو مٹی ہموار کر کے بلالؓ نے اپنے ہاتھوں سے اس پر پانی چھڑکا اور پھر غمگین دل کے ساتھ اس دور کی آخری اذان پڑھی۔ اس دن کے بعد بلالؓ میں اذان دینے کی سکت نہ رہی کیونکہ اذان میں جب وہ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً پر پہنچتے تو اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکتے تھے۔

وصال نبویؐ کے بعد بلالؓ پر دل شکستگی کے کئی ایام گزرے تو حضرت ابوبکرؓ کی اجازت سے جہاد میں شریک ہونے کی تیاری میں لگ گئے لیکن بعد میں حضرت ابوبکرؓ نے ان کی جدائی برداشت نہ کرتے ہوئے واپس بلا لیا۔ حضرت عمرؓ کے عہد خلافت میں حضرت بلالؓ کے جہاد پر جانے کی تمنّا پوری ہوگئی چار سال تک جہاد میں شریک رہے اپنی زندگی کے آخری ایام میں حضرت ابودرداءؓ کی بیٹی سے دوسری شادی کی اور دمشق کے قصبہ خولان میں جا کر مستقل رہائش اختیار کر لی۔ لیکن کچھ وقت کے بعد ایک رات

بقیہ ص ۱۲ پر

یہ بطحا کی ایک نورانی صبح تھی جب اسلام کا ایک جلیل القدر فرزند جور وستم کی زنجیروں سے آزاد ہوا۔ اس کا لباس تار تار اور بدن زخموں سے چُور چُور تھا۔ حضرت ابوبکرؓ بلالؓ کو لیکر سیدھا دربارِ رسالت میں پہنچے۔ اس وقت آنحضرتؐ بڑی بیقراری سے ان دونوں کا انتظار کر رہے تھے۔ جب آنحضرتؐ نے ان کو آتے ہوئے دیکھا تو آگے بڑھ کر بلالؓ کو آغوش میں لے لیا اور ہلکا سا تبسّم فرمایا۔

بلالؓ کو رہا کرانے کی جو قیمت حضرت ابوبکرؓ نے ادا کی تھی آپؐ نے اس کا نصف ادا کرنا چاہا لیکن حضرت ابوبکرؓ نے کہا میں انہیں خدا کے نام پر خرید کر آزاد کر چکا ہوں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا اچھا پھر بلالؓ میرا ہے۔ اس طرح بلالؓ کو وہ مقام ملا جس کا اندازہ مشکل ہے۔

اگرچہ حضرت بلالؓ کا قیام وطعام حضرت ابوبکرؓ کے ہاں تھا لیکن صبح سے شام تک وہ آنحضرتؐ کی خدمت کرنے کو اپنی دنیا و آخرت کی کامیابی سمجھتا بازار سے سودا سلف لاتے مشکیزے بھرتے چکّی پیستے اور حضرت خدیجہؓ کا ہاتھ بٹاتے۔

بلالؓ جس قدر آنحضرتؐ کو چاہتے اسی قدر آنحضرتؐ بھی بلالؓ سے والہانہ محبت رکھتے تھے۔ جب آنحضرتؐ معراج سے واپس آئے تو بلالؓ سے پوچھا کہ تم کونسا ایسا عمل کرتے ہو جس کی وجہ سے میں نے تمہیں جنّت میں اپنے آگے آگے دیکھا ہے اور تمہارے قدموں کی چاپ میرے کانوں میں گونجی ہے۔ حضرت بلالؓ نے فرمایا جب بھی میں نیا وضو کرتا ہوں تو دو رکعت نفل تحیۃ الوضو ادا کرتا ہوں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا یہ سعادت جو تو نے پائی ہے اسی عمل کی بدولت ہے۔

مکہ سے ہجرت کرنے والوں میں سے دوسرا نمبر حضرت بلالؓ کا ہے۔ مدینہ میں پہنچکر حضرت بلالؓ سخت بیمار ہوتے۔ مگر آنحضرتؐ نے دعا فرمائی اور حضرت بلالؓ کو دوبارہ صحت نصیب ہوئی۔

اس کے بعد حضرت بلالؓ اہل صُفّہ کی جماعت میں شامل ہو گئے، صُفّہ وہ چبوترہ تھا جو مسجد نبوی کے صحن میں بنایا گیا تھا جس پر صحابہ کرامؓ درس وتدریس کا کام انجام دیتے تھے۔

کاشانۂ نبوّت کے سارے امور حضرت بلالؓ کے سپرد تھے۔ بازار کالین دَین اور مہمانوں کی دیکھ بھال کا فریضہ بھی انہی کو سونپا گیا تھا۔

حضرت بلالؓ کی شادی حضرت ابوبکرؓ کی بیٹی کے ساتھ ہوئی لیکن حضرت بلالؓ نے آقا کے در کو نہیں چھوڑا۔

حضرت بلالؓ نے اپنی زندگی میں کبھی جھوٹ نہیں بولا۔ اور نہ ہی اپنے آقا کے مال میں خیانت کی۔ بلالؓ کی زندگی کا مقصد حضورؐ کی خدمت بجالانا تھا اور آخر تک رسول پاکؐ کی رفاقت میں رہے۔ حجۃ الوداع میں جب آنحضرتؐ نے ایک لاکھ سے زائد لوگوں کو خطاب فرمایا تو آنحضرتؐ

لباس نوچ ڈالا پھر اتنا مارا کہ حضرت بلالؓ بیہوش
ہو کر گر پڑے۔ لیکن جونہی ہوش میں آئے تو زبان
سے برابر اَحَدٌ اَحَدٌ کی پکار گونج رہی تھی۔

اب اُمیّہ روزانہ ان کے گلے میں رسّی باندھ کر
لونڈوں کو ساتھ لگا دیتا وہ اسے گلی کوچوں میں لئے
پھرتے۔ ہر کافر اپنی اپنی پہلوانی کا جوہر دکھاتا لیکن
کوئی تازیانہ بلالؓ کا راستہ نہ روک سکا۔ انگاروں
پر لِٹانے سے لیکر بھاری پتھروں کے سینے پر رکھ کر
دبانے تک کوئی سزا حضرت بلالؓ کو راہ حق سے نہ
ہٹا سکی۔

اُمیّہ حضرت بلالؓ کو کبھی لوہے کی زرہ پہنا کر
تپتی دھوپ میں بٹھاتا۔ کبھی گائے یا اونٹ کی کھال
میں لپیٹ کر کہتا جب تک نہ مرو گے میں سزا پر سزا
دیتا رہونگا مگر بلالؓ فرماتے میں کسی سزا کی پروا نہ
کرتے ہوئے ضرور کہونگا میرا مالک ایک ہی خدا
ہے۔ عشق کی راہ و رسم سے آشنا کو اپنی منزل کی
سمت سے کون بھٹکا سکتا ہے۔ بلالؓ کے قدم
نہیں ڈگمگائے حتیٰ کہ منزل نے انہیں خوش
آمدید کہا۔

ایک دن اُمیّہ نے حضرت بلالؓ کو پابہ زنجیر
ایک تنگ و تاریک حجرے میں ڈال کر غلاموں کو
حکم دیا کہ اس پر تابڑ توڑ تازیانے سحر تک برساتے
رہو۔ چنانچہ اسی التزام کے ساتھ تشدد جاری رہا
اور بلالؓ تازیانے کی ہر ضرب کو "اَحَدٌ" کے
نعرے سے شکست دیتے رہے۔ یونہی بلالؓ کے
مصائب و آلام کے دن گزرتے گئے اور راتیں بیتتی
چلی گئیں۔ آخر کار ایک رات حضرت ابوبکر صدیقؓ
کا گزر اُمیّہ کے کوچے سے ہوا۔ اس وقت اُمیّہ
اپنے غلاموں کے ذریعے حضرت بلالؓ کو باندھ
کر تازیانے مار رہا تھا۔ بلالؓ پر ظلم و ستم کا یہ پہاڑ
حضرت ابوبکرؓ نے جب اپنی آنکھوں سے دیکھا
تو ان کی آنکھیں بھر آئیں۔ اور آہیں بھرتے ہوئے
گھر کی طرف چل دیئے بہرکیف حضرت ابوبکرؓ
نے بلالؓ کے درد و فراق کی یہ آخری رات بڑے
ہی کرب میں بسر کی۔ صبح دم آنحضرتؐ کی خدمت
میں ماجرا عرض کیا۔ آنحضرتؐ نے حضرت ابوبکرؓ
کو حکم دیا کہ اُمیّہ سے بلالؓ کو خرید لیں اور ساتھ
ہی یہ فرمایا کہ نصف درہم ہم دیں گے۔

سحر کی روشنی پھیل چکی تھی جب حضرت ابوبکرؓ
اُمیّہ کے گھر پہنچے اور اس سے کہا کہ خدا سے ڈر
اور اس لعلِ بے بہا پر اتنا ظلم نہ کر۔ یہ سن کر اُمیّہ
نے کہا اگر آپ کا دل اس کے لئے جلتا ہے تو
اسے خرید لو۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا میرا مقصود
بھی یہی ہے۔ اُمیّہ نے کہا تو لائیے دو ہزار دینار
اور اس بختِ بیدار کو لے جائیے۔ حضرت
ابوبکرؓ نے دو ہزار دینار خوشی خوشی نکالے اور
مزید چار سو دینار شکرانے کے طور پر اُمیّہ کے
ہاتھوں میں تھما دیئے۔

رقم دیکر حضرت ابوبکرؓ خود حجرۂ تاریک میں داخل
ہوئے اور حضرت بلالؓ کا ہاتھ پکڑ کر حجرے سے نکالا

میں وہ قبیلہ بنو جمح ایک متمول عورت کی غلامی میں
رہے۔ بعدازاں اُمیّہ بن خلف کے ہاتھ لگے۔ یہیں
سے وہ تاریخ کی روشنی میں آتے ہیں۔ اور ان کی
زندگی کو توحید کا انوکھا تصوّر مل جاتا ہے۔ یہ بات
وثوق کے ساتھ نہیں کہی جاسکتی کہ بلالؓ نے ورثے
میں کیا عقیدہ پایا تھا قیاس ہے کہ بیشتر اہلِ حبشہ
کی طرح وہ بھی شاید عیسائیت کے قائل تھے۔

حضرت بلالؓ کے علاوہ اُمیہ بن خلف کے یہاں
ایک درجن کے قریب غلام موجود تھے۔ مگر یہ غلام غیر
معمولی شخصیت کا مالک تھا۔ ابتداء میں بلالؓ کو
گھریلو کام کاج اور اونٹ چرانے پر مامور کیا گیا۔
بلالؓ کی آواز میں غضب کا درد اور ترنّم پایا جاتا تھا۔
بلالؓ نے فرصت کے لمحات میں اپنے لحنِ داؤدی
سے ریگزارِ حجاز کو وہ زندگی بخشی جو آکر مسجدِ نبویؐ
کے مؤذن ہونے پر مرکوز ہوتی۔

مال و دولت کے اعتبار سے اُمیہ بن خلف
قریش کا رئیس اعلیٰ تھا۔ اس کے گھر میں رنگ
برنگے پتھروں کے کئی خدا موجود تھے۔ اُمیّہ بن خلف
نے بلالؓ کی ذہانت سے متاثر ہو کر اُسے ان پتھریلے
خداؤں کی خدمت پر مامور کر دیا۔ لیکن زیادہ وقت
نہیں گزرا تھا کہ تقدیر نے انہیں اَلسَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ
کی صف میں شامل ہونے کی سعادت بخش دی جس
سے ان کے ذہن و ضمیر میں انقلابی تبدیلی پیدا ہوئی۔

قبولِ اسلام اور مصائب

اُمیہ بن خلف کا
اپنے غلاموں سے رویّہ نہایت سفاکانہ تھا۔ بلالؓ
اس کے مظالم سے تنگ آچکے تھے۔ اسی زمانے میں
آنحضرتؐ مبعوث ہوئے۔ اگرچہ حضرت بلالؓ کو براہ
راست خدمتِ رسالت میں حاضری کا موقع نہ ہوا لیکن
حضرت ابوبکر صدیقؓ کی تبلیغ سے اسلام قبول کیا
قبولِ اسلام کے وقت حضرت بلالؓ کی عمر تیس برس
ہو چکی تھی اُمیہ کو جب بلالؓ کے اسلام لانے کا
حال معلوم ہوا تو وہ غصّہ سے لال پیلا ہو گیا بھلا
اُمیّہ جو مسلمانوں کا بدترین مخالف تھا کیسے برداشت
کر لیتا کہ اس کا ایک ادنیٰ غلام ان حالات میں ایمان
لانے کی جرأت کرے جبکہ پورے مکّہ میں اسلام
کی مخالفت کا بازار گرم تھا۔

اُمیّہ کو یہ گمان بھی نہ تھا کہ اس کا زرخرید غلام
اس سے یوں بغاوت کر کے حِزْبُ اللّٰہ میں شامل
ہو جائیگا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ غم و غصّہ کی طوفانی لہریں اس
کے دل میں اٹھنے لگیں۔ چنانچہ اس نے ایک دن
صبح سویرے بلالؓ سے پوچھا یہ کیا طریقہ عبادت کا
تم نے اختیار کر لیا ہے حضرت بلالؓ نے بے باکانہ
کہا میں ربِّ محمدؐ کی عبادت کرتا ہوں۔ اُمیّہ نے
کہا اس دین سے برگشتہ ہو جاؤ۔ ورنہ سخت
عذاب میں مبتلا ہو جاؤ گے۔ بلالؓ نے خندہ پیشانی
سے جواب دیا۔ میں ہر سختی برداشت کرونگا لیکن
اب دینِ حق سے میرا دامن نہیں چھٹے گا۔ یہ سنتے
ہی اُمیّہ کی رگِ ظلم پھڑکنے لگی۔ فرطِ غضب سے
آنکھوں میں خون اتر آیا۔ پہلے تو اس نے بلالؓ کا

حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

عبدالواحد بلوچ لیکچرر شعبہ اسلامیات

سرورِ کونین ؐ کے فدائیوں میں حضرت بلال رضؓ بڑی خصوصی اور نرالی شان رکھتے ہیں۔ لیکن دنیا والوں کی ستم ظریفی اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگی کہ ایک ایسی ہستی کو یوں نظر انداز کیا گیا ہے کہ گویا حضرت بلال رضؓ صحابہ کرام رضؓ کی فہرست میں شامل ہی نہیں تاریخ میں حضرت بلال رضؓ کو وہ مقام نہیں دیا گیا جس کے وہ مستحق ہیں۔ میں یہاں بلال رضؓ کی شخصیت کے اُن پہلوؤں کو اُجاگر کرتا ہوں کہ جن کی تڑپ ہر مسلمان کے دل میں موجود ہے۔

حبشہ کے نام سے تقریباً ہر ایک آگاہ و باخبر ہے حبشہ جزیرہ نمائے عرب کے جنوب میں براعظم افریقہ میں واقع ہے یہ ملک ہمیشہ سے تاریکی کی لپیٹ میں رہا۔ اور سیاسی اور اقتصادی حیثیت سے بہت پسماندہ رہا مذہبی اعتبار سے بھی یہ ملک بت پرستی کے جال میں جکڑا ہوا تھا عیسائی مبلغوں نے یہاں دینِ مسیحی کی تبلیغ کی اور اہل حبشہ کی کثیر تعداد اس نئے مذہب میں داخل ہونے لگی۔ حتیٰ کہ یہاں کے بادشاہ نے بھی عیسائیت قبول کر لی۔ مسیحی تعلیمات نے اہل حبشہ کو بزدل بنا کر ان سے خود داری اور اپنی حفاظت کی خصوصیات ہی چھین لیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ حبشہ کے سیاہ فاموں کو ڈاکوؤں نے غلام بنا کر بھیڑ بکریوں کی طرح منڈیوں میں فروخت کرنا شروع کر دیا اس مظلوم مخلوق کو ایک رئیس کے حرم سے دوسرے کے حرم میں جبراً دھکیل دیا جاتا اس طرح اس مظلوم و محکوم قوم پر غلامی کی مُہر ثبت ہوگئی۔

حضرت بلال رضؓ کے والد کا نام رباح اور والدہ کا نام حمامہ تھا۔ ان دونوں کو حبشہ کی منڈیوں سے غلام بنا کر مکہ لایا گیا یہیں مکہ میں بعثتِ نبوی ؐ سے قریب تیس برس پہلے ان کے یہاں ایک بیٹا پیدا ہوا جس کا نام بلال رکھا گیا ابو عبداللہ کنیت مشہور ہوئی۔

کسے خبر تھی کہ اس حقیر غلام زادے کی تقدیر ایک دن جاگ جائیگی اور اسے بارگاہِ رسالت کی غلامی کا وہ شرف عظیم حاصل ہوگا جس پر فرشتے بھی انگشت بدنداں رہ جائیں گے۔ بلال رضؓ اگرچہ مکہ میں پیدا ہوئے لیکن نسلی اعتبار سے وہ خالصتاً حبشی تھے آنحضرت ؐ کا ارشاد ہے کہ "بلال رضؓ حبشہ کے پہلے مسلمان ہیں"

حضرت بلال رضؓ کو غلامی ورثہ میں ملی تھی شروع

اداریہ

رخشان میگزین کا پہلا شمارہ پیش خدمت ہے۔ اِس مجلے کو ہم نے بڑی جانفشانی سے ترتیب دینے کی کوشش کی ہے۔ اگر اس میں پھر بھی کسی قسم کی علمی اور ادبی کمزوری نظر آئے تو ہم اس کیلئے قارئین سے معذرت خواہ ہونگے۔ اور اُن کمزوریوں کی نشاندہی کو اپنے لئے باعث مسرت سمجھیں گے تاکہ ہم آئندہ شمارے میں ان کمزوریوں کو دور کرنے کی کوشش کر سکیں۔ بلاشبہ میگزین طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ کیونکہ اس کے ذریعے طلباء کو اپنے پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔ ہم نے اسی مقصد کے تحت اِس میگزین میں طلبہ کی تحریروں کو زیادہ سے جگہ دینے کی کوشش کی ہے۔ تاکہ اُن میں اس سلسلے خود اعتمادی پیدا ہو۔ طلبا اپنے ادبی اور علمی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں۔ اس کا فیصلہ ہم قارئین پر چھوڑ دیتے ہیں۔

گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور کا شمار بلوچستان کے بڑے کالجوں میں ہوتا ہے اور اس امر کا کالج کے پرنسپل ریاض احمد بلوچ اور اُن کے رفقائے کار کو بخوبی احساس ہے۔ چنانچہ کالج میں نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں کیلئے منصوبہ بند طریقے سے عمل کیا جا رہا ہے تاکہ کالج ھذا بلوچستان کے دیگر بڑے کالجوں کی طرح اپنی نیک نامی کو برقرار رکھ سکے اس سلسلے میں کالج کی اِدبی، آرٹس اور سائنس کی سوسائیٹیاں منظم اور موثر طریقے سے پروگرام تشکیل دے رہے ہیں اکتوبر ۱۹۹۱ء میں "تعلیمی انحطاط اور ہمارا معاشرہ" کے موضوع پر سیمینار اور دیگر علمی اور ادبی تقاریب کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں طلباء کی دلچسپیاں اس امر کا ثبوت ہیں۔ کہ اس علاقے کے طالب علم اپنے صلاحیتوں کے اعتبار سے دیگر علاقوں سے کسی طرح بھی پیچھے نہیں ہیں۔ ہماری یہ کوشش ہوگی کہ کالج کو ایک مثالی درسگاہ بنایا جائے اور اس سلسلے میں ہم اپنی تمامتر صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر اس اہم قومی فریضہ کو نبھانے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑینگے آخر میں ہم اُن تمام طلباء اور اساتذہ کرام کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جنہوں نے اس مجلہ کی اشاعت کے سلسلے میں ہم سے قلمی اور اخلاقی تعاون کیا۔

(ادارہ)

فہرست (حصہ اُردو)

کالج اسٹاف



دائیں سے بائیں: شیر احمد لیکچرار اُردو۔ پروفیسر ریاض احمد بلوچ پرنسپل
نور احمد بلوچ وائس پرنسپل۔ پروفیسر خلیل الرحمٰن ۔ پروفیسر باٹنی۔ محمد جان لیکچرار بلوچی
ذوالفقار علی رضوی لیکچرار انگریزی۔ امان اللہ لیکچرار سوشیالوجی۔
شاہد علی ڈیمانسٹریٹر۔ پروفیسر محمد حسن جغرافیہ۔ پروفیسر محمد افضل سیاسیات
محمد الیاس لیکچرار فزکس۔ حمید اللہ لیکچرار ذولوجی۔


ایڈیٹوریل گروپ




دائیں سے بائیں: پروفیسر محمد امین (ایڈیٹر انگریزی)
شیر احمد لیکچرار (ایڈیٹر اُردو)۔ پروفیسر محمد حسن (ایڈیٹر بلوچی)




پروفیسر غنی طارق
(چیف ایڈیٹر)



یونس اختر
(سب ایڈیٹر انگریزی)



حمل خان نصیر
(سب ایڈیٹر بلوچی)



غلام فاروق
(سب ایڈیٹر اُردو)

پیغام

مجھے یہ جان کر بہت ہی خوشی ہوئی کہ گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور طلبا اور اساتذہ کرام کے اہم مضامین۔ مقالات اور شاعری پر مشتمل اپنا مجلہ "درخشان" شائع کر رہا ہے۔ مجھے یقین واثق ہے کہ یہ مجلہ نہ صرف طلبا کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا باعث ہوگی بلکہ یہ اپنے معاشرے اور ماحول کی درست عکاسی کرتے ہوئے مستقبل کے ذمہ داریوں کی بجا آوری کیلئے نئی نسل کو محنت۔ لگن اور جستجو کیلئے بھی آمادہ کرے گی اور طلبا کے لئے ایک ایسے راستے کا تعین کرے گی جو باہمی تعاون اور اتحاد کے ذریعے شخصی خودنمائی اور قومی نفاق کے خاتمے کو ممکن بنا دے گی اور یہ مجلہ طلبا میں علم اور ادب سے گہری وابستگی کے عمل کو تیز کر دے گی مجلہ کی تدوین۔ ترتیب اور اشاعت سے وابستہ احباب یقیناً قابل ستائش ہیں۔ اور میری دعا ہے کہ خداوند قدوس اُن کو اپنے نیک مقاصد میں کامیاب اور کامران کرے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

کچکول علی بلوچ (ایڈوکیٹ)

ممبر بلوچستان صوبائی اسمبلی

۱۷ ر فروری ۱۹۹۲ء

Scanned by CamScanner

پیغام

میرے لئے یہ امر باعث مسرت ہے کہ گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور اپنا مجلہ رخشان شائع کر رہا ہے۔ تعلیمی اداروں سے مجلات کی اشاعت ایک نہایت ہی صحت مند اور مفید روایت ہے کہ جس سے طلبہ کی تحریری اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا فریضہ سر انجام پاتا ہے۔ مجھے یقین کامل ہے کہ رخشان میگزین کے ذریعے نہ صرف کالج کے طلباء اور اساتذہ کرام کو اپنے تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم ہوگا بلکہ یہ علاقے کی روایتی حب الوطنی، دین دوستی اور تہذیب و ثقافت کا بھی ترجمان ہوگا۔

میں مجلہ "رخشان" کی اشاعت پر گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور کے پرنسپل، لعداریاتی احباب اور طلبہ کو اُن کی کاوشوں کیلئے دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور کالج کی فلاح اور ترقی کیلئے دعاگو ہوں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

غلام رسول خالد

ناظم تعلیمات کالجز حکومت بلوچستان کوئٹہ

۱۳ر فروری ۱۹۹۲ء

سرپرست : پروفیسر ریاض احمد بلوچ

مدیر اعلیٰ : پروفیسر غنی طارق

مدیر انگریزی : پروفیسر محمد امین

مدیر اُردو : شیر احمد لیکچرار

مدیر بلوچی : پروفیسر محمد حسن

طالب علم مدیر انگریزی : یونس اختر

طالب علم مدیر اُردو : غلام فاروق

طالب علم مدیر بلوچی : حمل خان نصیر



مطبع :

کتابت : عبدالغفار رئیس

سال اشاعت : فروری ۱۹۹۲ء

تعداد : ایک ہزار (۱۰۰۰)





گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور

سرپرست



پروفیسر ریاض احمد بلوچ
پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور



مجلّہ رخشان

۱۹۹۰—۱۹۹۲



گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور